ABC CERTIFEID وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | جمعتہ المبارک 3 جولائی 2026ء، 17 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 305

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پی ٹی آئی کا آزاد کشمیر انتخابات کے بائیکاٹ کا اعلان

آزاد کشمیر کی آئینی، جمہوری اور سیاسی شناخت کو مجروح، کشمیری عوام کی نمائندہ آوازوں کو دبایا جارہا، سیاسی کارکنوں کے خلاف کارروائیاں اور گرفتاریاں کی جارہی ہیں

جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے معاملات افہام و تفہیم سے حل کیے جائیں، حالات معمول پر آنے تک انتخابات میں حصہ نہیں لیں گے، پی ٹی آئی کی کور کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے آزاد جموں و کشمیر میں انتخابات کے بائیکاٹ کا اعلان کردیا۔ پی ٹی آئی کی کور کمیٹی کے اجلاس کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق پی ٹی آئی نے آزاد جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ اظہارِ یک جہتی کے لیے انتخابات میں حصہ نہیں لینے کا فیصلہ کیا اور باقاعدہ اعلان کردیا گیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ موجودہ حالات میں انتخابات میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، یہ سیاسی حکمت عملی نہیں بلکہ کشمیری عوام کے ساتھ اصولی یک جہتی ہے، اس وقت آزاد کشمیر شدید سیاسی اور انسانی بحران سے گزر رہا ہے۔ پی ٹی آئی نے کہا کہ راولاکوٹ سمیت مختلف علاقوں میں عوام اپنے جائز مطالبات کے لیے دھرنا دیے بیٹھے ہیں، طاقت کے استعمال سے قیمتی جانیں ضائع ہوچکی ہیں، آزاد کشمیر کو اشیائے خورونوش کی ترسیل بند ہونے سے عوام مشکلات کا شکار ہیں۔ کور کمیٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کے مسائل کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد، چیئر پرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد سے (ILO) پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کررہے ہیں

BISP اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے مابین تعاون پر اتفاق

مستحقین کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر فراہم اور روزگار سے منسلک کرنے پر خصوصی توجہ دی جائیگی

بی آئی ایس پی محض ایک پروگرام نہیں مثبت اثرات مقامی معیشت پر بھی نمایاں طور پر سامنے آرہے ہیں، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے مابین بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت مستحق خواتین کیلئے سکل ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے تعاون پر اتفاق چیئر پرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، سینیٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد 12 سال میں 7 سرکاری اسکول بنے، قائمہ کمیٹی میں انکشاف

ہمیں کوئی مستقل کوشش نظر نہیں آتی کہ تعلیم کیلئے کچھ کیا جارہا ہے، نوید قمر

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گزشتہ 12 سال میں صرف 7 نئے سرکاری اسکول بنائے جانے کا انکشاف ہوا ہے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا قائم مقام چیئرمین سید نوید قمر کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزارت تعلیم سے متعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سانحہ کاہنہ کی رپورٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کو بھجوادی گئی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے سے 14 بچوں کے جاں بحق ہونے والے سانحہ کاہنہ کی رپورٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو بھجوادی گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام و دیگر رہنما ملاقات کررہے ہیں

سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر کی پیپلز پارٹی سے علیحدگی

ساتھیوں سمیت استحکام پاکستان پارٹی میں شامل

شمولیت سے استحکام پاکستان پارٹی مزید مضبوط، پارٹی کی سیاسی قوت اور عوامی رابطہ مہم کو بھی نئی توانائی ملے گی، سربراہ پارٹی و وفاقی وزیر علیم خان

عوام دوست سیاسی متبادل کی تشکیل کے لیے استحکام پاکستان پارٹی کے پلیٹ فارم سے بھرپور کردار ادا کریں گے، سردار تنویر الیاس کی شمولیت پر گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سے علیحدگی اختیار کرنے کے بعد آزاد جموں و کشمیر کے سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس نے اپنے اہم سیاسی ساتھیوں سابق وزراء علی شان سونی، ڈاکٹر نثار انصر ابدالی سمیت استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) میں باقاعدہ شمولیت اختیار کرلی۔ اس سلسلے میں استحکام پاکستان پارٹی کے صدر و وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے ان کی اہم ملاقات ہوئی، جس کے دوران سیاسی امور، آزاد کشمیر کی مجموعی صورتحال اور آئندہ عام انتخابات سے متعلق حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے اختتام پر سردار تنویر الیاس نے اپنے دیرینہ رفقا کے ہمراہ آئی پی پی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ ان کے ساتھ سابق وزیر حکومت علی شان سونی، سابق وزیر صحت نثار انصر ابدالی اور سابق مشیر حکومت سردار افتخار رشید بھی استحکام پاکستان پارٹی کا حصہ بن گئے۔ اس موقع پر عبدالعلیم خان نے سردار تنویر الیاس اور ان کے ساتھیوں کا پرتپاک خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان کی شمولیت سے نہ صرف استحکام پاکستان پارٹی مزید مضبوط ہوگی بلکہ آزاد کشمیر میں پارٹی کی سیاسی قوت اور عوامی رابطہ مہم کو بھی نئی توانائی ملے گی۔ انہوں نے نئے شامل ہونے والے رہنماؤں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی عوامی مسائل کے حل اور مؤثر سیاسی کردار کے لیے بھرپور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد، استحکام پارٹی میں شمولیت کے موقع پر سربراہ و وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کے ہمراہ سردار تنویر الیاس، انصر ابدالی و دیگر کا گروپ فوٹو

وفاق اور صوبوں کے درمیان NFC معاہدہ از سر نو دیکھا جائے، عالمی بینک

صوبوں کے درمیان تقسیم کو بھی از سر نو دیکھنے، این ایف سی میں زیادہ محاصل کارکردگی کی بنیاد پر تقسیم کرنے کی ضرورت ہے

این ایف سی میں جو صوبہ خدمات عامہ، صحت، تعلیم پر زیادہ بہتر کارکردگی دکھائے زیادہ محاصل کا حقدار ہونا چاہئے، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان میں مالیاتی وفاقیت مضبوط بنانے پر نئی رپورٹ جاری کردی جس میں سفارش کی گئی ہے کہ پاکستان میں وفاق اور صوبوں کے درمیان این ایف سی معاہدے کو از سر نو دیکھنے کی ضرورت ہے۔ عالمی بینک کے مطابق پاکستان میں این ایف سی کی صوبوں کے درمیان تقسیم کو بھی از سر نو دیکھنے کی ضرورت ہے، این ایف سی میں زیادہ محاصل کارکردگی کی بنیاد پر تقسیم کرنے کی ضرورت ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد، وزیر ریلوے حنیف عباسی اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جسٹس عالیہ نیلم کو سپریم کورٹ کا جج تعینات کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کو سپریم کورٹ کا جج تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کو سپریم کورٹ کا جج تعینات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

سٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی، کاروبار کا مثبت رجحان رہا

اضافے کے ساتھ انڈیکس ایک لاکھ 85 ہزار 665 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں مثبت رجحان کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 85 ہزار پوائنٹس کی حد عبور کر گیا۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، 1500 سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

شانگلہ: اچانک سیلابی ریلے نے ایک خاتون کی جان لے لی

شانگلہ (صباح نیوز) شانگلہ کی تحصیل پورن کے علاقے گمیاڑ ماچکنڈی خوڑ میں حالیہ موسلادھار بارشوں کے باعث آنے والے اچانک سیلابی ریلے نے ایک خاتون کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

کسی بھی جارحیت کا فوری جواب دیا جائے گا، ایران

سابق سپریم لیڈر کی الوداعی تقریبات کے موقع پر سیکیورٹی سخت، فضائی حدود کی پابندیاں نافذ

تہران (آئی این پی) ایران نے امریکا اور اسرائیل کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی ممکنہ حملے یا جارحیت کی صورت میں فوری اور شدید ردعمل دیا جائے گا۔ یہ وارننگ ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران میں سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

لاہور: نجی اسکول کی دیوار گرگئی، بچہ جاں بحق، 5 زخمی

وزیر اعلیٰ نے کمشنر لاہور اور ڈی جی ریسکیو سے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کرلی

لاہور (صباح نیوز) لاہور کے علاقے باغبانپورہ میں نجی اسکول کی دیوار گرگئی، ملبے تلے دب کر ایک بچہ جاں بحق جبکہ پانچ بچے زخمی ہوگئے۔ سمر کیمپ میں موجود ڈھائی سو بچوں کو باحفاظت نکال کر آپریشن مکمل کرلیا گیا، حادثہ اسکول کی نئی خریدی گئی عمارت پر کچا لینٹر ڈالنے کے دوران پیش آیا۔ جاں بحق بچے کی عمر 12 سال، نام ابوبکر ہے، زخمیوں میں ندیم، وسیم، فیض اور شکیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پاکستان سعودیہ میں سیکیورٹی تعاون کا معاہدہ دور رس نتائج نکلیں گے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ کا ریاض میں "911" سنٹر کا دورہ، جدید ترین ٹیکنالوجیز بارے بریفنگ، تعلقات مزید مضبوط کرنیکا عزم

شہریوں اور زائرین کیلئے ہنگامی رسپانس پر انتہائی تیز رفتار اور درست ردعمل کو یقینی بنانے کیلئے سعودی حکام کی کوششوں کو سراہا

ریاض (صباح نیوز) پاکستان اور سعودی عرب نے دونوں ممالک کے مابین سٹریٹجک شراکت داری اور دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے سیکیورٹی کے شعبے میں ایک اہم مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کردیئے ہیں۔ سعودی عرب کے وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود بن نائف نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں بتایا کہ انہوں نے اپنی اعلیٰ قیادت کی ہدایات کے تحت پاکستانی ہم منصب، وفاقی وزیر داخلہ و انسداد منشیات محسن رضا نقوی سے ملاقات کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے چینی بزنس گروپ کا وفد ملاقات کررہا ہے

مفتی تقی عثمانی دوسری بار وفاق المدارس العربیہ کے صدر منتخب

حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ، آئندہ پانچ سالہ مدت کیلئے ذمہ داریاں انجام دینگے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ، مجلس شوریٰ اور مجلس عمومی کے مشترکہ انتخابی اجلاس میں مولانا مفتی محمد تقی عثمانی کو بلا مقابلہ دوسری مرتبہ صدر اور مولانا حنیف جالندھری کو مسلسل ساتویں مرتبہ بلا مقابلہ ناظم اعلیٰ منتخب کرلیا گیا۔ جامعہ دارالعلوم کراچی میں منعقدہ اہم انتخابی اجلاس میں آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر سے وفاق المدارس کے عہدیداران، مجلس عاملہ، مجلس شوریٰ اور مجلس عمومی کے ایک ہزار سے زائد ارکان، ممتاز شیوخ الحدیث، جید علماء کرام، دینی و سماجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

بحری جہازوں کو نشانہ بنانے پر ایران پر بمباری کی، وینس

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا نے ایران سے جوہری معاہدے کی امید ظاہر کردی، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات انتہائی مثبت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

آبنائے ہرمز کنٹرول میں ہے، ایرانی نائب وزیر خارجہ

بحرین میں فوجی اجلاس خلیج فارس کے لیے قانونی نظام اور سیکیورٹی قائم نہیں کرسکتے

تہران (صباح نیوز) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) کے نہیں بلکہ ایران کے کنٹرول میں ہے۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق نائب وزیر خارجہ نے ایکس پر کہا کہ بحرین میں ہونے والا کوئی بھی فوجی اجلاس خلیج فارس کے لیے نہ تو قانونی نظام قائم کرسکتا ہے اور نہ ہی سیکیورٹی کا ضامن بن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ایشیائی ممالک کی بالادستی، سنگاپور کا پاسپورٹ پھر طاقتور ترین قرار

پاکستان کمزور ترین پاسپورٹ رکھنے والا چوتھا ملک قرار پایا، 100ویں نمبر پر براجمان

سنگاپور (آئی این پی) سال 2026 کی دوسری ششماہی کے لئے دنیا بھر کے طاقتور ترین پاسپورٹس کی فہرست میں پاکستان ایک بار پھر نچلے نمبروں پر موجود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اکوڑہ خٹک: سابق افغان مہاجر کیمپ سے خودکش جیکٹ برآمد

واقعہ کی تحقیقات بھی شروع کردی، ملزمان کی گرفتاری کی جائیگی، ڈی ایس پی عدنان اعظم

نوشہرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اکوڑہ خٹک میں سابق افغان مہاجر کیمپ سے 07 کلووزنی خودکش جیکٹ برآمد کرلی گئی۔ ڈی ایس پی اکوڑہ خٹک عدنان اعظم نے بتایا کہ آکوڑہ خٹک سابق افغان مہاجر کیمپ "شنہ ونہ" کے مقام پر ایک مشکوک بوری پڑی ملی، پولیس نے مشکوک بوری کو تحویل میں لے لیا۔ ڈی ایس پی عدنان اعظم کے مطابق بم ڈسپوزل یونٹ کو طلب کرلیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف گیلانی سے پرتگال کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

لاہور اور مانچسٹر کے درمیان براہِ راست پروازوں کا آغاز

پی آئی اے کی پرواز پی کے 709 لاہور سے مانچسٹر کے لیے روانہ ہوگئی

لاہور) صباح نیوز) پی آئی اے نے لاہور اور مانچسٹر کے درمیان براہِ راست پروازوں کا آغاز کر دیا، افتتاحی فلائٹ پی کے 709 لاہور سے مانچسٹر کے لیے روانہ ہوگئی۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق لاہور ایئرپورٹ پر سادہ مگر پروقار افتتاحی تقریب منعقد کی گئی، جس میں کیک کاٹنے کی تقریب بھی ہوئی جبکہ مسافروں کو پی آئی اے کے چیف آپریٹنگ آفیسر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سیٹرک گروپ اجلاس، ٹیلی کام تعاون کے نئے روڈ میپ کی منظوری

اسلام آباد (صباح نیوز) جنوبی ایشیائی ٹیلی کمیونیکیشن ریگولیٹرز کونسل (ایس اے ٹی آرسی) کے ورکنگ گروپ برائے پالیسی، ریگولیشن اینڈ سروسز کی دوروزہ میٹنگ اسلام آباد میں کامیابی سے اختتام پذیر ہوگئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

جی بی کے نومنتخب وزیر اعلیٰ 6 جولائی کو حلف اٹھائیں گے

گلگت (صباح نیوز) نومنتخب وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان 6 جولائی کو عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ وزیر اعلیٰ کی تقریب حلف برداری چیف منسٹر سیکرٹریٹ گلگت میں ہوگی جس میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

ملک کی چاروں ہائیکورٹس میں نئے ججز کی تقرری، کمیٹیاں تشکیل

کمیٹیاں نئے ججز کی تقرری کیلئے انٹرویوز اور جانچ پڑتال کا عمل مکمل کریں گی

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے ملک کی چاروں ہائیکورٹس میں نئے ججز کی تقرری کے لئے 7 رکنی انٹرویو کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق لاہور ہائیکورٹ اور اسلام آباد ہائیکورٹ میں ججز کی تقرری کے لئے قائم انٹرویو کمیٹی کے چیئرمین جسٹس حسن اظہر رضوی ہوں گے، جبکہ سندھ ہائیکورٹ اور بلوچستان ہائیکورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)


اسلام آباد، چیئرمین نیب نذیر احمد کے ہمراہ ضلعی ججز اور عدالتی حکام کا گروپ فوٹو

نظام انصاف میں بہتری فیصلوں سے نہیں مؤثر عملدرآمد سے آئیگی، چیف جسٹس

جیلوں کے حالات بہتر بنانا صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ سپریم کورٹ میں جیل اصلاحات پر قومی کانفرنس ہورہی ہے

نظام انصاف میں قیدیوں کے حقوق کے تحفظ کو کلیدی حیثیت حاصل، جیلوں میں صحت اور صاف پانی کی سہولت کی فراہمی ناگزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ نظامِ انصاف میں قیدیوں کے حقوق کو کلیدی حیثیت حاصل ہے، جیلوں کے حالات بہتر بنانا صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ سپریم کورٹ میں جیل اصلاحات پر قومی کانفرنس ہورہی ہے جس میں چاروں وزرائے اعلیٰ اور اسلام آباد، لاہور، پشاور، بلوچستان اور سندھ ہائیکورٹس کے چیف جسٹس شریک ہیں، چیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

سندھ طاس معاہدہ اسلام آباد میں عالمی سیمینار، پاکستان کے موقف کی تائید

رخت سفر
بشارت کھوکھر

بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل کرکے پاکستان کے حصے کے دریاؤں پر آبی جارحیت کرنا چاہ رہا ہے اور چناب سمیت دیگر دریاؤں پر نئے آبی منصوبوں کو تیز کررہا ہے۔ بھارتی وزرا پاکستان کا پانی روکنے سے متعلق کھلے عام بیانات دے رہے ہیں مگر پاکستان کی جانب سے ایک بڑے فورم سے بھارت کو واضح پیغام دے دیا گیا ہے کہ بھارت نے پانی روکنے کی کوشش کی تو یہ جنگی اقدام تصور کیا جائے گا۔ سندھ طاس معاہدے کے مستقبل، بین الاقوامی قانون، آبی سلامتی اور جنوبی ایشیا کے امن سے متعلق منعقدہ بین الاقوامی سیمینار میں ملکی وغیر ملکی ماہرین، سیاستدانوں، سفارتکاروں اور قانونی ماہرین نے اس بات پر زور دیا کہ سندھ طاس معاہدہ صرف پاکستان اور بھارت کے درمیان پانی کی تقسیم کا انتظامی معاہدہ نہیں بلکہ کروڑوں انسانوں کی زندگی، غذائی تحفظ، زرعی معیشت، توانائی اور خطے کے امن و استحکام کی ضمانت ہے۔ مقررین نے خبردار کیا کہ اگر کسی بھی ملک کو یکطرفہ طور پر اس معاہدے کو معطل کرنے یا پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت دی گئی تو اس کے اثرات صرف جنوبی ایشیا تک محدود نہیں رہیں گے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ سرحد پار بہنے والے دریاؤں سے متعلق کسی بین الاقوامی معاہدے کو کمزور کرنے یا سبوتاژ کرنے کی قیمت بہت بھاری ہوسکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اپنے جائز آبی حقوق پر کسی قسم کا غیر قانونی قبضہ یا تجاوز ہرگز قبول نہیں کرے گا اور بین الاقوامی قانون کے تحت دستیاب تمام قانونی اور سفارتی ذرائع استعمال کرے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ قومی سلامتی کمیٹی پہلے ہی فیصلہ کرچکی ہے کہ پاکستان کے حصے کے پانی کا رخ موڑنے یا فراہمی روکنے کی کسی بھی کوشش کو جنگ کے مترادف سمجھا جائے گا، تاہم پاکستان بدستور مذاکرات، سفارتکاری اور پرامن حل پر یقین رکھتا ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پانی صرف جغرافیہ کا نہیں بلکہ خوراک، مستقبل اور انسانی زندگی کا مسئلہ ہے۔ ان کے مطابق جس طرح آبنائے ہرمز کی بندش عالمی معیشت کو متاثر کرتی ہے اسی طرح دریائے سندھ کا پانی پاکستان کی معیشت اور بقا کی ضمانت ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی مکمل بحالی کے بغیر پاکستان اور بھارت کے درمیان پائیدار امن ممکن نہیں، سمندری گزرگاہوں یا آبی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی امن کیلئے خطرناک رجحان ہے۔ بین الاقوامی قانون کے ممتاز ماہر احمر بلال صوفی نے کہا کہ دنیا بھر میں پانی، خوراک اور صاف ہوا کو بنیادی انسانی ضروریات قرار دیا جاچکا ہے، اس لیے سندھ طاس معاہدے کو غیر مؤثر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

بھارتی چینل ہیک، سکرین پر پاکستانی پرچم کا بینر چلا دیا گیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے سن ٹی وی نیٹ ورک کو ہیکرز نے ہیک کرکے اس کی نشریات معطل کردیں، سائبر حملہ آوروں نے نیٹ ورک کے اندرونی براڈکاسٹ مینجمنٹ پورٹل تک رسائی بھی حاصل کرلی۔

نجی سکول کی چھت گرنے کا واقعہ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر معطل

لاہور (آئی این پی) باغبانپورہ میں نجی سکول کی چھت گرنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

اسرائیلی پارلیمنٹ، اذان پر لاؤڈ اسپیکر کی پابندی کا بل منظور

یروشلم (صباح نیوز) اسرائیلی پارلیمنٹ (کنیسٹ) نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

وزارتِ تجارت کا ایران کیساتھ برآمدات کا فیصلہ

مخصوص برآمدی اشیاء پر 60 روزہ عارضی رعایت دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارتِ تجارت نے ایران کے ساتھ تجارت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے مخصوص برآمدی اشیاء پر 60 روزہ عارضی رعایت دینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ کا آغاز

رنگا رنگ افتتاحی تقریب نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم اسلام آباد میں منعقد ہوئی

پی ایچ ایف صدر محی الدین احمد وانی، ڈاکٹر غلام علی، طلحہ عباسی و دیگر کی شرکت

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام الاسکا بیٹریز، پی ٹی سی ایل اور پارکو کے تعاون سے نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم اسلام آباد میں 2 جولائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب میں صدر پی ایچ ایف محی الدین وانی کھلاڑیوں سے گفتگو کررہے دوسری طرف میچ دیکھ رہے

طوفانی بارشوں سے ملک بھر میں تباہی، 15 افراد جاں بحق درجنوں زخمی

سوات میں سیف اللہ جھیل میں کشتی ڈوب گئی، 6 سیاح دم توڑ گئے، لاشیں نکال لی گئیں، ایک لاپتہ خاتون کی تلاش جاری

لاہور، کوئٹہ، پشاور اور دیگر شہروں میں شاہراؤں پر سیلاب کے مناظر، گنجیال قائد آباد میں آسمانی بجلی گرنے سے شہری دم توڑ گیا

لاہور، کوئٹہ، پشاور، اٹک (مانیٹرنگ ڈیسک) طوفانی بارشوں نے ملک بھر میں تباہی مچا دی، بارشوں اور سیلابی صورتحال سے کم از کم 15 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہو گئے۔ سوات میں سیف اللہ جھیل میں کشتی ڈوب گئی جس سے 6 سیاح دم توڑ گئے، لاشیں نکال لی گئیں، ایک لاپتہ خاتون کی تلاش جاری ہے، جاں بحق تمام افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھا۔ لاہور کے علاقے باغبانپورہ میں سکول کی چھت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

روس کے یوکرین پر ڈرونز اور میزائلوں سے حملے، 8 افراد ہلاک

ماسکو (صباح نیوز) روس نے یوکرین کے مختلف علاقوں پر ڈرونز اور میزائلوں سے حملے کیے جس کے نتیجے میں 8 افراد ہلاک اور 34 سے زائد زخمی ہو گئے۔ یوکرینی فوج کے مطابق حملوں میں رہائشی عمارتوں کو بھی نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ایک لاکھ 78 ہزار حج درخواستوں کی رجسٹریشن مکمل

عازمین آن لائن حج پورٹل یا موبائل ایپ " کے ذریعے واجبات ادا کرسکیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت مذہبی امور کے آن لائن حج پورٹل کے ذریعے 10 دنوں میں ایک لاکھ 78 ہزار حج درخواستوں کی رجسٹریشن ہو چکی ہے۔ وزارت کے ترجمان کے مطابق موجودہ حکومت کے وژن کے تحت حج انتظامات کو مکمل طور پر ڈیجیٹائز کرنے کے اقدامات تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ آن لائن حج پورٹل اور موبائل ایپ "پاک حج کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

کاہنہ، ٹیوشن سینٹر سانحہ!

کاہنہ نو میں ٹیوشن پڑھنے کے دوران گھر کی چھت گرنے سے دو درجن کے قریب بچے ملبے تلے دب گئے۔ ان میں سے 14 بچے جاں بحق ہو گئے جن میں ایک ہی خاندان کے تین بچے بھی شامل ہیں جبکہ ایک ٹیچر اور پانچ کمسن طلبہ اور طالبات اس سانحہ میں زخمی ہوئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وقوعہ کے بعد پولیس نے مالک مکان سمیت پانچ افراد کو حراست میں لے لیا۔ اس سانحہ کی خبر ملتے ہی ملک بھر میں سوگ کی کیفیت پیدا ہوگئی اور اس سانحہ کے ذمہ داروں کو کیفر کردار کو پہنچانے کا تقاضہ کیا جانے لگا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اس سانحہ میں معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے صدمے اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کے ساتھ ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے جبکہ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے متعلقہ حکام سے اس سانحہ کی رپورٹ طلب کرتے ہوئے جامع انکوائری اور ذمہ داران کو قانون کے کٹہرے میں لانے کی ہدایت کی ہے۔ دریں اثناء کمشنر لاہور ڈویژن، سی سی پی او اور ڈی آئی جی پولیس اپریشن و انویسٹی گیشن سمیت متعدد اعلیٰ حکام نے جائے وقوعہ کا دورہ کیا اور متاثرین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔

بلاشبہ یہ ایک ایسا اندوہناک سانحہ ہے جس نے پورے ملک کو سوگ میں ڈبو دیا ہے۔ اس حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں چار سے سولہ سال تک کی عمر کے معصوم بچے اور بچیاں شامل ہیں جبکہ ایک ہی گھر کے تین معصوم بچے اس حادثے میں جاں بحق ہوئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق عمارت کی نچلی منزل پر بچوں کی کلاس جاری تھی جبکہ بالائی منزل پر چھت کی مرمت کا کام ہو رہا تھا۔ اس دوران حفاظتی انتظامات کے فقدان اور ممکنہ غفلت کے باعث چھت منہدم ہوگئی اور معصوم بچے ملبے تلے دب گئے۔ یہ سانحہ صرف چند خاندانوں کے لئے نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مشترکہ المیہ ہے، جو اس امر کا متقاضی ہے کہ اس کے اسباب کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس حادثے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے بجا طور پر جامع تحقیقات کا حکم دیا جبکہ مالک مکان سمیت پانچ افراد کو فوری طور پر حراست میں بھی لے لیا گیا۔ یہ اقدامات بھی اپنی جگہ اہم ہیں لیکن عوام توقع کر رہے ہیں کہ تحقیقات صرف ماضی جیسی رسمی کارروائی تک ہی محدود نہیں رہنی چاہئیں بلکہ ذمہ داران کو قانون کے کٹہرے میں لا کر سخت سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی شخص انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کی جرأت نہ کرے۔

یہ امر واقع ہے کہ پاکستان میں بوسیدہ عمارتوں، ناقص تعمیرات اور بلڈنگ لاز کی خلاف ورزیوں کے باعث اس نوعیت کے المناک واقعات بار بار رونما ہو چکے ہیں۔ کبھی کسی رہائشی عمارت کی چھت گر جاتی ہے، کبھی زیر تعمیر پلازہ منہدم ہو جاتا ہے اور کبھی تعلیمی اداروں یا تجارتی مراکز میں حفاظتی اقدامات کے نظر انداز ہونے کے باعث قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ ہر حادثے کے بعد وقتی طور پر تو متعلقہ حکومتی، انتظامی اداروں کی پھرتیاں نظر آتی ہیں تاہم چند ہی روز بعد معاملات پھر معمول پر آ جاتے ہیں اور اصلاح احوال کے لیے کوئی دیرپا حکمت عملی اختیار کی جاتی کہیں نظر نہیں آتی۔ گزشتہ چند برسوں کے دوران شہروں میں گھروں کے اندر نجی سکولوں، اکیڈمیوں اور ٹیوشن سنٹرز کے قیام کا رجحان تیزی سے بڑھا ہے۔ بیشتر مقامات پر یہ ادارے متعلقہ محکموں کی مکمل منظوری، فائر سیفٹی، ہنگامی اخراج کے راستوں، عمارت کی مضبوطی اور دیگر قانونی تقاضوں کو پورا کیے بغیر چلائے جا رہے ہیں۔ والدین اپنے بچوں کو بہتر تعلیم کی توقع کے ساتھ ایسے اداروں میں بھیج دیتے ہیں مگر انہیں علم نہیں ہوتا کہ ان کے بچے کس قدر غیر محفوظ ماحول میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ یہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ بلدیاتی ادارے، ضلعی انتظامیہ، بلڈنگ کنٹرول اتھارٹیز، ریسکیو اور سول ڈیفنس سمیت تمام متعلقہ محکمے مشترکہ طور پر ایسے تمام تعلیمی اداروں اور ٹیوشن سنٹرز کا سروے کریں جو رہائشی عمارتوں میں قائم ہیں۔ ہر عمارت کی ساخت، حفاظتی معیار اور قانونی حیثیت کا جائزہ لیا جائے اور جو ادارے مقررہ ضوابط پر پورا نہ اتریں انہیں فوری طور پر بند کر دیا جائے یا انہیں مطلوبہ حفاظتی معیار پورا کرنے کا پابند بنایا جائے۔ اسی طرح بوسیدہ اور خطرناک عمارتوں کی نشاندہی کر کے ان کی مرمت یا انہدام کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔

اس کے ساتھ ساتھ شہریوں کی ذمہ داریوں سے بھی صرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا۔ عمارتوں کی تعمیر یا مرمت کے دوران حفاظتی اصولوں کو نظر انداز کرنا، ایک ہی وقت میں مرمتی کام اور تدریسی سرگرمیاں جاری رکھنا، یا بغیر کسی ماہر انجینئر کی نگرانی کے، تعمیراتی کام کرانا انتہائی خطرناک عمل ہے۔ انسانی جان کا تحفظ بہر صورت مالی مفادات سے بڑھ کر ہے اور معمولی غفلت بھی ناقابلِ تلافی نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔

کاہنہ کا سانحہ ہمیں بلاشبہ یہ احساس دلاتا ہے کہ اگر ہم نے بلڈنگ لاز پر سختی سے عملدرآمد نہ کیا، تعمیراتی قوانین کی مکمل پابندی نہ کی اور تعلیمی اداروں کے حفاظتی معیار کو یقینی نہ بنایا تو آئندہ بھی ایسے اندوہناک سانحات رونما ہوتے رہیں گے۔ حکومت کو چاہیے کہ اس حادثے کو محض ایک فوجداری مقدمے تک محدود نہ رکھے بلکہ اسے تعمیراتی نظام، بلڈنگ قوانین اور نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن کے پورے نظام میں اصلاحات کا نقطۂ آغاز بنائے۔ یہی ان معصوم بچوں کے ساتھ حقیقی انصاف ہوگا اور یہی مستقبل میں قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کی ضمانت بھی بن سکتا ہے

معاشرے کی اصل ترقی!

لاہور کے نواحی علاقے کاہنہ میں ایک رہائشی مکان میں قائم ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے چودہ معصوم بچے جاں بحق جبکہ ایک خاتون ٹیچر سمیت متعدد بچے زخمی ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق عمارت کی چھت بوسیدہ تھی اور برسات سے قبل اس کی مرمت کی جا رہی تھی کہ گارڈر وزن برداشت نہ کر سکے اور پوری چھت زمین بوس ہو گئی۔ چند لمحوں میں کھیلتی، ہنستی، مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے ننھی جانیں ملبے تلے دب گئیں۔ یہ صرف ایک حادثہ نہیں بلکہ ہماری اجتماعی بے حسی، انتظامی غفلت اور کمزور نگرانی کا المناک اظہار ہے۔ حسبِ روایت حکومت نے جاں بحق اور زخمی بچوں کے لواحقین کے لیے مالی امداد کا اعلان کر دیا ہے۔ ایسے اعلانات وقتی طور پر متاثرہ خاندانوں کی کچھ مالی مدد ضرور کرتے ہیں، مگر کسی ماں کی گود واپس نہیں لوٹا سکتے، کسی باپ کے خواب دوبارہ زندہ نہیں کر سکتے اور نہ ہی اس سوال کا جواب دیتے ہیں کہ آخر یہ سانحہ پیش ہی کیوں آیا۔ ریاست کی ذمہ داری صرف مرنے والوں کے لواحقین کو امدادی چیک دینا نہیں بلکہ ایسے واقعات کو روکنا بھی ہے۔ اس سانحے نے ایک بار پھر ہمارے انتظامی نظام پر کئی بنیادی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ اگر ایک رہائشی مکان میں ٹیوشن سنٹر چل رہا تھا، جہاں روزانہ درجنوں بچے آتے تھے، تو کیا متعلقہ اداروں نے کبھی اس عمارت کا جائزہ لیا؟ کیا کسی نے یہ جاننے کی کوشش کی کہ وہاں حفاظتی انتظامات موجود ہیں یا نہیں؟ کیا مقامی انتظامیہ، بلدیاتی اداروں، محکمہ تعلیم یا متعلقہ حکام کو اس مرکز کے بارے میں کوئی علم نہیں تھا؟ اگر علم نہیں تھا تو یہ خود ان اداروں کی ناکامی کا اعتراف ہے۔ پھر اس غریب ٹیچر کو سرکار نے معاونت کے قابل کیوں نہ سمجھا؟ ہمارے ملک میں بچوں کے تحفظ کو اب بھی سنجیدگی سے ریاستی ترجیح نہیں بنایا جا سکا۔ یہی وجہ ہے کہ کبھی معصوم بچے جنسی درندگی کا شکار ہوتے ہیں، کبھی سکولوں کی خستہ حال عمارتیں ان پر موت بن کر گرتی ہیں، کبھی اوور لوڈ ڈ ویگنیں اور رکشے حادثات میں ان کی جان لے لیتے ہیں، کبھی کھلے مین ہول، بجلی کے ننگے تار یا غیر محفوظ سوئمنگ پول ان کی زندگی چھین لیتے ہیں۔ ہر سانحے کے بعد چند روز تک شور مچتا ہے، انکوائری کمیٹیاں بنتی ہیں، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کے اعلانات ہوتے ہیں، مگر کچھ عرصے بعد سب کچھ فراموش کر دیا جاتا ہے اور اگلے سانحے کا انتظار شروع ہو جاتا ہے۔ یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ شہروں خصوصاً لاہور کے مضافاتی علاقوں میں ہزاروں نجی ٹیوشن سنٹر، ڈے کیئر مراکز، اکیڈمیاں اور چھوٹے تعلیمی ادارے رہائشی عمارتوں میں قائم ہیں۔ ان میں سے بڑی تعداد نہ کسی باقاعدہ رجسٹریشن کے عمل سے گزرتی ہے، نہ حفاظتی معائنہ کراتی ہے اور نہ ہی ان کے لیے کوئی یکساں حفاظتی معیار نافذ ہے۔ والدین اپنے بچوں کو اعتماد کے ساتھ ان مراکز میں بھیجتے ہیں، مگر انہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ آیا وہ عمارت بنیادی حفاظتی تقاضے بھی پورے کرتی ہے یا نہیں۔ یہ سوال بھی اہم ہے کہ ہمارے بلدیاتی ادارے، ٹاؤن پلاننگ کے محکمے، بلڈنگ کنٹرول اتھارٹیز، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم آخر کن ذمہ داریوں کے لیے قائم کیے گئے ہیں؟ اگر کسی علاقے میں غیر قانونی یا غیر محفوظ سرگرمیاں برسوں جاری رہیں اور متعلقہ حکام کو اس کی خبر ہی نہ ہو تو یہ ناقص نگرانی ہے، اور اگر خبر ہونے کے باوجود خاموشی اختیار کی جائے تو یہ غفلت نہیں بلکہ مجرمانہ لاپروائی ہے۔ اختیار کے ساتھ جوابدہی بھی لازم ہونی چاہیے۔

صرف عمارت کے مالک یا منتظم کو ذمہ دار قرار دینا کافی نہیں، بلکہ اس پورے انتظامی سلسلے کا احتساب ہونا چاہیے جس کی ناکامی نے یہ سانحہ ممکن بنایا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پنجاب بھر میں رہائشی علاقوں میں قائم تمام ٹیوشن سنٹروں، نجی اکیڈمیوں، ڈے کیئر مراکز اور چھوٹے تعلیمی اداروں کا فوری سروے کیا جائے۔ ہر عمارت کا انجینئرنگ بنیادوں پر حفاظتی معائنہ ہو، رجسٹریشن کو لازمی بنایا جائے، ایمرجنسی اخراج کے راستے، آگ بجھانے کے آلات اور بنیادی حفاظتی انتظامات کو قانونی شرط قرار دیا جائے۔ جو ادارے ان معیاروں پر پورا نہ اتریں، انہیں اصلاح تک بند رکھا جائے۔ یہ کارروائی محض کاغذی نہیں بلکہ عملی ہونی چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ سکول وینوں، رکشوں، کوچنگ مراکز، کھیل کے میدانوں اور دیگر مقامات پر بھی بچوں کی حفاظت کے لیے جامع پالیسی ترتیب دینا ناگزیر ہے۔ دنیا کے مہذب معاشروں میں بچوں کا تحفظ قومی ترقی کا بنیادی پیمانہ سمجھا جاتا ہے، کیونکہ آج کے بچے ہی کل کے شہری، سائنس دان، ڈاکٹر، انجینئر، اساتذہ اور قومی رہنما ہوتے ہیں۔ جو قوم اپنے بچوں کو محفوظ نہیں رکھ سکتی، وہ اپنے مستقبل کو بھی محفوظ نہیں رکھ سکتی۔ کاہنہ کا یہ سانحہ محض ایک حادثہ نہیں، بلکہ ایک تنبیہ ہے۔ اگر ہم نے اس سے سبق نہ سیکھا تو کل کسی اور شہر، کسی اور سکول یا کسی اور ٹیوشن سنٹر سے ایسی ہی دل دہلا دینے والی خبر آئے گی اور ہم پھر چند دن سوگ منا کر آگے بڑھ جائیں گے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ بچوں کے تحفظ کو سیاسی نعروں یا ہنگامی اعلانات سے نکال کر ریاستی پالیسی کا مستقل حصہ بنایا جائے۔ کیونکہ کسی بھی معاشرے کی اصل ترقی بلند عمارتوں، سڑکوں اور منصوبوں سے نہیں، بلکہ اس بات سے ناپی جاتی ہے کہ وہاں ایک معصوم بچہ کس قدر محفوظ ہے۔

بھارتی فوجی افسر، رشوت خور

مودی سرکار کے زیر سایہ سیاست زدہ ہونے والی بھارتی فوج اب پیشہ ورانہ مہارت کھو چکی ہے۔ اندرونی خلفشار اور تقسیم کی وجہ سے یہ ادارہ اپنی ساکھ کھو رہا ہے اور بدعنوانی اس کی نااہلی کی سب سے بڑی علامت بن چکی ہے۔ اس واقعے سے واضح ہوتا ہے کہ بھارتی فوج میں نظم و ضبط کا فقدان ہے اور افسر اپنے ذاتی مفادات کے لئے ملکی وقار کو داؤ پر لگا رہے ہیں۔ مسلسل سامنے آنے والی بدعنوانیوں نے بھارتی عسکری ڈھانچے کی کمزوریوں کو پوری طرح آشکار کر دیا ہے۔

کچھ عرصہ قبل بھی ملک کے خفیہ ادارے سی بی آئی نے وزارت دفاع کو شکایت جمع کرائی، جس میں یہ انکشاف کیا گیا کہ بھارتی فوج کے دو اعلیٰ افسر میجر جنرل اشوک کمار اور میجر جنرل ایس ایس لامبا نے لیفٹیننٹ جنرل کے عہدوں پر ترقی پانے کیلئے رشوت دی جبکہ دونوں افسروں کے پاس بڑے پیمانے پر غیر قانونی اثاثہ جات بھی ہیں۔ وزیر دفاع نے سی بی آئی کو مذکورہ افسروں کے خلاف شکایت سامنے آنے کے بعد ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایات کے ساتھ ساتھ مزید تحقیقات کا بھی حکم دیا ہے۔ دونوں افسروں کی ترقی سابق ملٹری سیکرٹری لیفٹیننٹ جنرل (ر) بھالا کے دور میں منظور بھی کر لی گئی تھی۔

بھارتی فوج اور دفاعی اسٹیبلشمنٹ کے اندر پھیلی ہوئی بدعنوانی کی گہری جڑیں ایک بار پھر اس وقت بے نقاب ہوگئیں جب تحقیقاتی ادارے سی بی آئی نے محکمہ دفاعی پیداوار میں تعینات ایک سینئر فوجی افسر کو رشوت ستانی اور نجی کمپنیوں کے ساتھ غیر قانونی لین دین کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ بھارت کے سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے بھارتی وزارت دفاع کے تحت محکمہ دفاعی پیداوار میں ڈپٹی پلاننگ آفیسر (بین الاقوامی تعاون اور برآمدات) کے طور پر تعینات لیفٹیننٹ کرنل دیپک کمار شرما کو بنگلورو کی ایک دفاعی کمپنی سے 3 لاکھ روپے رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کیا۔ سی بی آئی نے اس کے احاطے پر چھاپوں کے دوران 23.2 کروڑ روپے کی نقد رقم ضبط کی۔ سی بی آئی نے دیپک کمار شرما کی اہلیہ کرنل کاجل بالی کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا ہے جو راجستھان کے علاقے سری گنگا نگر میں 16 انفنٹری ڈویژن آرڈیننس یونٹ کی کمانڈنگ آفیسر ہیں

جس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بدعنوانی بھارت کی مسلح افواج کے اعلیٰ عہدوں تک کس حد تک پہنچ چکی ہے۔ تفتیش کاروں کا کہنا ہے کہ لیفٹیننٹ کرنل شرما پرائیویٹ ڈیفنس مینوفیکچرنگ اور ایکسپورٹ کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ مجرمانہ سازش کے تحت بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث رہے۔ اس نے اپنے سرکاری عہدے کا غلط استعمال کرتے ہوئے ایسی کمپنیوں کو ناجائز فائدہ پہنچانے کے عوض رشوت وصول کی۔

ایجنسی نے کہا کہ اسے رشوت کے لین دین سے متعلق مخصوص معلومات ملی ہیں جس میں بنگلورو کی ایک کمپنی شامل ہے، جس کے معاملات راجیو یادو اور روجیت سنگھ سنبھال رہے تھے۔ سی بی آئی نے کہا کہ دونوں شرما کے ساتھ باقاعدہ رابطے میں تھے اور اس کے ساتھ مل کر مختلف سرکاری محکموں اور وزارتوں سے غیر قانونی طور پر فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ کمپنی کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ونود کمار نامی شخص نے 18 دسمبر 2025ء کو لیفٹیننٹ کرنل شرما کو رشوت کے طور پر 3 لاکھ روپے دیے تھے۔ اس معاملے میں ونود کمار کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ سی بی آئی نے تلاشی کے دوران دیپک کمار شرما کی دہلی رہائش گاہ سے رشوت کی رقم کے ساتھ 23.2 کروڑ روپے نقد برآمد کیے جبکہ سری گنگا نگر میں ان کی بیوی کی رہائش گاہ سے بھی 10 لاکھ روپے ضبط کیے گئے۔

بھارت کی مسلح افواج میں بڑھتی ہوئی رشوت ستانی کے دوران مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے بی جے پی کے زیر اقتدار ریاست مغربی بنگال میں ایسٹرن کمانڈ کے تحت آرمی آرڈیننس کور میں تعینات کرنل ہمانشو بالی کو مبینہ طور پر 50 لاکھ روپے رشوت کے کیس میں گرفتار کیا۔ کرنل کو 18 مئی کو کولکتہ میں گرفتار کیا گیا تھا اور اسے دہلی لایا جا رہا ہے۔ ہمانشو بالی پر کانپور کی ایک کمپنی کی حمایت کرنے، ٹینڈرز کے ایوارڈ میں ہیرا پھیری کرنے، غیر معیاری نمونوں کو منظور کرنے اور زیر التوا بلوں کی منظوری میں سہولت فراہم کرنیکا الزام ہے۔

سی بی آئی نے 18 مئی کو درج کی گئی اپنی ایف آئی آر میں الزام لگایا کہ کرنل نے رشوت کی بقایا رقم کی ادائیگی کے لئے صنعتکار سے رابطہ کیا جس پر تاجر نے نقد رقم میں رکاوٹوں کا حوالہ دیا۔ بعد میں فوجی افسر نے صنعتکار کے ڈرائیور سے رابطہ کیا اور رقم اس کے ایک ساتھی کو دینے کے لئے کہا۔ 50 لاکھ روپے کی رشوت کی رقم حوالا کے ذریعے منتقل کرنی تھی۔ سی بی آئی نے رشوت کے کیس میں کرنل اور نجی ٹھیکیدار کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار کر لیا۔ بھارتی فوج کے ایک اعلیٰ عہدیدار کی رشوت خوری کے جرم میں گرفتاری نے ادارے کی اخلاقی پستی اور انتظامی بدحالی کو پوری دنیا کے سامنے عیاں کر دیا ہے۔ اس واقعے نے بھارتی سکیورٹی فورسز کے اندر موجود کرپشن کے نیٹ ورک کو بے نقاب کیا ہے۔

دفاعی امور کے ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارتی افواج میں کرپشن کی جڑیں بہت گہری ہو چکی ہیں اور فضائیہ کے بڑھتے ہوئے حادثات محض فنی خرابیاں نہیں ہیں۔ یہ دراصل انتظامی ناکامی اور فنڈز کی خورد برد کے باعث پیدا ہونے والے سنگین مسائل کا واضح ثبوت ہیں۔

مسلے گئے پھول اور کلیاں

بچے کسی بھی قوم کا مستقبل ہوتے ہیں۔ ان کی تعلیم، صحت، حفاظت اور بہتر نشوونما ایک ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد سمجھی جاتی ہے اور یہی چار عوامل یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ کسی بچے کا مستقبل روشن ہوگا یا تاریک، معاشرہ فروغ پائے گا یا انحطاط کا شکار ہو جائے گا، ملک عالمی برادری کے ساتھ آگے بڑھے گا یا پس ماندگی کی طرف مائل ہوگا۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ دنیا کے کچھ حصوں میں بچوں کی تعلیم و تربیت پر توجہ دینے کے بجائے ان کا استحصال کیا جاتا ہے جس میں بچوں پر تشدد بھی شامل ہے۔ بچوں پر تشدد پاکستان میں بھی ایک سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ بچوں پر تشدد کے کئی طریقے ہیں جیسے بچے کی جسمانی، ذہنی، جذباتی یا جنسی صحت کو نقصان پہنچانا یا اس کی بنیادی ضروریات کا نظر انداز کیا جانا۔ درج بالا چار عوامل کے اثرات محض متاثرہ بچے تک محدود نہیں رہتے بلکہ بچے کے متاثر ہونے سے پورا معاشرہ اس کے منفی نتائج بھگتتا ہے۔ اس کے باوجود یہ عمل جاری ہے۔ جسمانی تشدد میں بچے کو مارنا، جلانا، دھکا دینا یا کسی بھی طریقے سے جسمانی نقصان پہنچانا شامل ہے۔ بعض والدین یا سرپرست بچوں کی تربیت کے نام پر سخت مار پیٹ کو جائز سمجھتے ہیں، حالانکہ تشدد بچوں کی شخصیت پر گہرے منفی اثرات چھوڑتا ہے اور بچہ اپنے والدین، اساتذہ اور سماج کا باغی ہو جاتا ہے۔ ذہنی یا جذباتی تشدد اس وقت ہوتا ہے جب بچے کو مسلسل ڈرایا، دھمکایا جائے یا اس کی تذلیل کی جائے۔ ایسے بچے خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور اکثر ذہنی دباؤ، بے چینی اور ڈپریشن کا شکار ہو کر جرائم پیشہ بن جاتے ہیں اور پھر ان کے جرائم کو خود معاشرے کو ہی سہنا پڑتا ہے۔ سوچنے کی بات ہے کہ ہمارے معاشرے میں اگر جرائم کی شرح بڑھ رہی ہے تو اس کی کیا وجہ ہے؟

پاکستان میں بچوں پر تشدد کا بڑھتا ہوا رجحان ایک تشویشناک مسئلہ ہے۔ ہر سال اخبارات، ٹیلی ویژن اور سوشل میڈیا پر بچوں کے ساتھ تشدد، جنسی استحصال، گھریلو تشدد، کم عمری کی مزدوری اور دیگر جرائم کی خبریں سامنے آتی رہتی ہیں۔ اگرچہ کئی واقعات رپورٹ نہیں ہوتے، لیکن جو واقعات سامنے آتے ہیں اتنے ہی واقعات اس مسئلے کی سنگینی کو واضح کر دیتے ہیں۔ یوں تو ہمارے ملک میں کلیوں اور پھولوں کو مسلنے کا سلسلہ کبھی نہیں تھما لیکن گزشتہ دنوں دو ایسے واقعات رونما ہوئے جنہوں نے میرے سمیت ہر ذی شعور کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ ہمارے معاشرے میں آخر ہو کیا رہا ہے۔ لاہور کے علاقے برکی کے ایک مدرسے میں ایک قاری کے مبینہ بدترین تشدد کے نتیجے میں ایک 12 سالہ بچہ علی حیدر جاں بحق ہو گیا۔ قاری کے خلاف درج ایف آئی آر کے متن کے مطابق مدرسے کے قاری غلام رسول نے چند روز قبل معصوم بچے کو صرف اس وجہ سے شدید تشدد کا نشانہ بنایا کہ وہ قاری کے کہنے پر ایک ختم شریف کی محفل میں نہیں گیا تھا۔ تشدد کی وجہ سے بچے کا بازو ٹوٹ گیا اور وہ شدید زخمی ہو گیا۔ ملزم قاری نے زخمی حالت میں ہی بچے کو بہاولنگر کی بس پر بٹھا کر اسکے گھر روانہ کر دیا۔ جب علی حیدر گھر پہنچا تو اسے مقامی ہسپتال داخل کرا دیا گیا، جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان رضا کو ملزم کو فوری گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی ہے۔ اللہ کرے کہ ایسا ہو جائے۔

دوسرا سانحہ بھی چند روز قبل ہی پیش آیا جب سرگودھا کے بلاک آٹھ کی رہائشی سات سالہ منتہیٰ زہرہ قریبی دکان سے سامان لینے گئی تھی، جہاں پولیس کے مطابق مرکزی ملزم ارسلان نے مبینہ زیادتی کے بعد اسے قتل کر دیا۔ بعد ازاں پولیس کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں مرکزی ملزم ہلاک ہو گیا، جبکہ کیس کے دیگر چار ملزمان پولیس کی تحویل میں ہیں اور ان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ جدید فرانزک شواہد، عینی شواہد اور تکنیکی تحقیقات کی مدد سے کیس کے تمام پہلوؤں کو مکمل طور پر واضح کیا جائے گا تاکہ حقیقت واضح ہو سکے اور متاثرہ خاندان کو بروقت اور مکمل انصاف فراہم کیا جا سکے۔ ہمارے ملک میں معاشرہ کس قدر تنگ نظر اور پراگندہ ہو چکا ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگائیے کہ جب ہم چھوٹے تھے تو اپنے گلی محلوں میں آزادانہ گھومتے پھرتے تھے اور ہمیں یا ہمارے والدین کو کسی قسم کا کوئی ڈر خوف نہیں ہوتا تھا، لیکن اب یہ وقت آ گیا ہے کہ گھر سے محلے کی دکان تک جانے والے اپنے بچوں کا دھیان رکھنا پڑتا ہے۔ یہ خوف ہر وقت لاحق رہتا ہے کہ انہیں کہیں کچھ ہو نہ جائے۔ اب بچوں کو سکول چھوڑ کر آنے اور چھٹی کے وقت واپس لانے کا رواج ہو چکا ہے۔ ہمارے زمانے میں یہ سب کچھ بالکل نہیں ہوتا تھا۔ خود ہی سکول جاتے تھے اور بلا خوف و خطر خود ہی سکول سے چھٹی کے وقت دوستوں کے ساتھ واپس آ جاتے تھے۔ سوچتا ہوں سماج کی یہ تنگی کب ختم ہو گی؟ کب ایک کھلا ڈلا ایک دوسرے پر اعتماد کرنے والا معاشرہ تشکیل پائے گا؟

ہمارے ہاں مدارس بچوں کو دینی تعلیم دینے کے حوالے سے تو اہم کردار ادا کرتے ہیں لیکن ان میں تعلیم دینے والے اساتذہ بعض اوقات حدود سے تجاوز کر جاتے ہیں۔



فرمودات قائد

مجھے یقین کامل ہے کہ آپ اپنے رویے اور طرز عمل سے پاکستان کو کبھی نیچا نہیں ہونے دینگے' بلکہ خدمت کی بہترین روایات کو قائم رکھیں گے اور دنیا کی عظیم اقوام میں سے ایک کی حیثیت سے پاکستان کی عزت اور وقار کو سربلند و سرفراز کرینگے۔

(بحریہ پاکستان سے خطاب 23 جنوری 1948ء)



کلام اقبال

فکرِ انساں پر تری ہستی سے یہ روشن ہوا
ہے پرِ مرغِ تخیل کی رسائی تا کُجا
تھا سراپا روح تُو' بزمِ سخن پیکر ترا
زیبِ محفل بھی رہا' محفل سے پنہاں بھی رہا

(بانگ درا)

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

مومنہ اقبال ہراسانی کیس، ملزمان کو عدالت سے ریلیف مل گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) اداکارہ مومنہ اقبال کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمے میں مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ کو ریلیف مل گیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں ایڈیشنل اینڈ سیشن جج نصرت علی صدیقی نے ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ ملزمہ سمیرا کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران ایم پی اے ثاقب چدھڑ اپنی اہلیہ سمیرا کے ہمراہ حاضری کے لیے پیش ہوئے۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ملزمہ سمیرا اب تک تفتیش میں شامل نہیں ہوئیں جبکہ دونوں ملزمان کے موبائل فون فرانزک تجزیے کے لیے بھجوائے جا چکے ہیں۔ تفتیشی افسر کے مطابق مقدمے کی تحقیقات مکمل کرنے کے لیے مزید وقت درکار ہے۔

عاصم اظہر کے انسٹاگرام پر ہانیہ عامر کی پرانی تصاویر کی واپسی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے معروف گلوکار عاصم اظہر نے انسٹاگرام پر اپنی 600 سے زائد پرانی تصاویر اور ویڈیوز دوبارہ بحال کر دی ہیں، جن میں اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ شیئر کی گئی متعدد یادگار تصاویر بھی شامل ہیں۔ ان پوسٹس کی واپسی کے بعد سوشل میڈیا پر ایک بار پھر دونوں فنکاروں کے ماضی کے تعلقات سے متعلق چرچے شروع ہو گئے۔ عاصم اظہر نے پوسٹس ری اسٹور کرنے کے بعد انسٹاگرام پر ایک دلچسپ پیغام بھی شیئر کیا۔ انہوں نے لکھا، ''آپ سب کو خوش آمدید، اب کچھ پرانے اور شرمندگی سے بھرے لمحات سے لطف اٹھائیں۔'' ان کے اس پیغام کے ساتھ ہی مداح پرانی تصاویر اور ویڈیوز دیکھنے میں مصروف ہو گئے، تاہم سب سے زیادہ توجہ ہانیہ عامر کے ساتھ موجود تصاویر نے حاصل کی۔ جوں ہی یہ پوسٹس دوبارہ سامنے آئیں، مختلف شوبز اور انٹرٹینمنٹ پلیٹ فارمز نے خاص طور پر ہانیہ عامر اور عاصم اظہر کی مشترکہ تصاویر کو نمایاں کرنا شروع کر دیا

اسپائیڈر مین کا پاکستانی مداحوں کیلیے خصوصی پیغام

ہالی ووڈ کی آنے والی فلم 'اسپائیڈر مین: برانڈ نیو ڈے' کی ریلیز سے قبل مرکزی اداکاروں ٹام ہالینڈ اور جون برنتھل نے پاکستانی مداحوں کے لیے خصوصی ویڈیو پیغام جاری کیا ہے۔ ویڈیو میں ٹام ہالینڈ نے پاکستانی شائقین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسپائیڈر مین سیریز کو برسوں سے ملنے والی محبت اور بھرپور حمایت ان کے لیے بے حد اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مداحوں کی اسی محبت نے 'اسپائیڈر مین: نو وے ہوم' کو باکس آفس پر شاندار کامیابی دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کے بعد جون برنتھل نے بھی پاکستانی مداحوں سے مخاطب ہوتے ہوئے نئی فلم 'اسپائیڈر مین: برانڈ نیو ڈے' کو بھی بھرپور سپورٹ کرنے کی اپیل کی۔

''لاہور آنے کی خواہش مگر سیاسی حالات اجازت نہیں دیتے''، دلجیت

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی پنجاب کے معروف گلوکار، اداکار اور عالمی شہرت یافتہ فنکار دلجیت دوسانجھ نے ایک بار پھر پاکستان، خصوصاً لاہور سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ دل سے لاہور آنا چاہتے ہیں، تاہم دونوں ممالک کے درمیان موجودہ سیاسی صورتحال ان کی اس خواہش کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا پر مداحوں کے ساتھ لائیو سیشن کے دوران ایک پاکستانی مداح نے دلجیت دوسانجھ کو لاہور آنے کی دعوت دی، جس پر انہوں نے نہایت کھلے دل سے اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ واقعی لاہور کی سیر کرنا چاہتے ہیں، لیکن پاکستان اور بھارت کے درمیان موجود سیاسی حالات سب کے سامنے ہیں، اسی لیے اس خواہش کو عملی جامہ پہنانا ان کے لیے آسان نہیں۔ دلجیت دوسانجھ نے مزید کہا کہ اگر وہ لاہور کا سفر کرتے ہیں تو انہیں بھارت کی جانب سے مختلف ممالک کے سفر کے حوالے سے پابندیوں یا دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جس کے باعث ان کے لیے مستقبل میں بین الاقوامی سفر متاثر ہونے کا خدشہ موجود ہے۔ ان کے مطابق یہی وجہ ہے کہ خواہش کے باوجود وہ اس وقت لاہور نہیں آ سکتے۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ دلجیت دوسانجھ پاکستان میں بھی بے حد مقبول ہیں اور ان کے لاکھوں مداح موجود ہیں۔ اس سے قبل پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ ایک مشترکہ پروجیکٹ میں کام کرنے پر انہیں بھارت میں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا، تاہم انہوں نے اس دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے اپنے فیصلے پر قائم رہنے کو ترجیح دی۔

ٹیلر سوئفٹ اور ٹریوس کیلسی کی شادی کی تقریبات کا آغاز

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ اور امریکی فٹبال اسٹار ٹریوس کیلسی کی ممکنہ شادی ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ افواہیں گردش کر رہی ہیں کہ دونوں کی شادی کی تقریب نیویارک کے معروف میڈیسن اسکوائر گارڈن میں منعقد کی جائے گی، تاہم اس حوالے سے تاحال کوئی گلوکارہ کی جانب سے کوئی تصدیق سامنے نہیں آئی۔ رپورٹس کے مطابق تقریب دو روز جاری رہے گی جس میں پہلے روز محدود افراد کے لیے ریہرسل ڈنر جبکہ دوسرے روز مرکزی شادی کی تقریب منعقد کیے جانے کا امکان ہے۔ امریکی لگژری ویڈنگ پلانرز کا کہنا ہے کہ اگر میڈیسن اسکوائر گارڈن جیسے بڑے مقام کو نجی شادی کی تقریب کے لیے تبدیل کیا گیا تو اس پر تقریباً ایک کروڑ 50 لاکھ ڈالرز سے ڈھائی کروڑ ڈالرز تک لاگت آ سکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق وسیع پروڈکشن، شاندار سجاوٹ، سیکیورٹی، مہمانوں کی میزبانی اور ممکنہ خصوصی پرفارمنسز اس تقریب کے اخراجات میں نمایاں اضافہ کریں گی۔ یاد رہے کہ ٹیلر سوئفٹ کی مجموعی دولت دو ارب ڈالر سے زائد بتائی جاتی ہے، جس کے باعث ان کی شادی کو دنیا کی مہنگی ترین شادیوں میں شمار کیے جانے کی قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 1

موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) میں ٹیلی نار پاکستان کے انضمام کا مرحلہ مکمل کر لیا ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے پی ٹی سی ایل اور یوفون کے سابق گروپ چیف فنانشل آفیسر ندیم خان کو 14 روز کے لیے فوری طور پر پی ٹی سی ایل کا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ ندیم خان ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے پی ٹی سی ایل گروپ سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے 2003 میں یوفون میں چیف فنانشل آفیسر کی حیثیت سے شمولیت اختیار کی، جہاں وہ ایک دہائی تک اس منصب پر فائز رہے، اس کے بعد انہوں نے مختصر مدت کے لیے یو مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ کے بورڈ میں خدمات انجام دیں۔ 2017 میں وہ گروپ چیف فنانشل آفیسر کی حیثیت سے دوبارہ پی ٹی سی ایل گروپ میں شامل ہوئے، جہاں انہوں نے گروپ کی مالیاتی حکمت عملی کی قیادت کی اور ادارے کے انقلابی تبدیلیوں کے سفر میں اہم کردار ادا کیا، جس میں ٹیلی نار پاکستان کا انضمامی لین دین بھی شامل تھا۔ وہ اس وقت انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ کے رکن بھی ہیں۔ گزشتہ پانچ برسوں سے پی ٹی سی ایل اور یوفون کے صدر اور سی ای او کے طور پر خدمات انجام دینے والے حاتم باماطرف نے پی ٹی سی ایل میں اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے تاکہ پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) کے سی ای او کا منصب سنبھال سکیں۔

بقیہ نمبر 2

گرینڈ کومبنگ اینڈ سرچ آپریشن۔ سرچ آپریشن کے دوران 432 افراد، 171 گھروں، 22 ہوٹلوں، 16 دکانیں، 266 موٹر سائیکلوں اور 73 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 03 مشکوک افراد اور 13 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا

بقیہ نمبر 3

جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری۔ سنگین جرائم میں ملوث 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے

بقیہ نمبر 4

کا شکار ہیں، مگر انہیں تاحال انصاف نہیں مل سکا متاثرین کے مطابق انہوں نے باقاعدہ مکمل ادائیگیاں کیں اور اس وقت آئی ایٹ اسلام آباد میں قائم سوسائٹی کے دفتر سے مسلسل رابطے میں رہے ان کا کہنا تھا کہ اس وقت سلیم خان بطور سیکرٹری جنرل موجود تھے اور ان کے پاس آج بھی متعلقہ کارڈز، رسیدیں اور دیگر دستاویزات محفوظ ہیں متاثرین نے بتایا کہ انہیں یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ انفیر گروپ لینڈ پروا ئیڈر ہے جبکہ سوسائٹی خود اس منصوبے کی ذمہ دار ہے، جس کے بعد انہوں نے 2017 میں ادائیگیاں کیں ان کے مطابق بعد ازاں انہیں پلاٹ نمبرز اور دیگر تفصیلات پر مشتمل الاٹمنٹ لیٹرز بھی جاری کیے گئے، تاہم اب انہیں پلاٹس دینے سے انکار کیا جا رہا ہے مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ مشتاق عسکری اور الطاف بٹ نے 2023 میں متعلقہ زمین فیصل ٹاؤن کے حوالے کر دی، جبکہ ادائیگیاں بھی ایک نجی کمپنی کے ذریعے وصول کی گئیں متاثرین کا کہنا تھا کہ ان کے پاس اس حوالے سے تمام خطوط اور ثبوت موجود ہیں، مگر متعلقہ افراد ذمہ داری قبول کرنے سے انکاری ہیں، حالانکہ ایم ایس سی بی آر کی جانب سے باقاعدہ الاٹمنٹ لیٹرز جاری کیے گئے تھے متاثرین کے مطابق تقریباً 18 سے 19 سو خاندان اس معاملے سے متاثر ہوئے ہیں اور وہ مختلف اداروں کے چکر لگا کر تھک چکے ہیں ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے آئی سی ٹی، ایف آئی اے اور دیگر متعلقہ اداروں سے بھی رجوع کیا، مگر انہیں تاحال کوئی موثر ریلیف نہیں ملا ان کے مطابق ان کی زمین دوسرے منصوبے کے حوالے کر دی گئی جبکہ انہیں آج تک ان کا حق نہیں دیا گیا مظاہرین نے کہا کہ 2017 میں ڈالر اور سونے کی قیمتیں آج کے مقابلے میں بہت کم تھیں اس لیے لوگوں نے بہتر مستقبل، بچوں کی شادیوں اور زندگی بھر کی جمع پونجی لگا کر پلاٹس خریدے تھے متاثرین میں بیوائیں، بزرگ شہری اور متوسط طبقے کے افراد بھی شامل ہیں جو آج شدید ذہنی اور مالی اذیت کا شکار ہیں متاثرہ شہری مطیع نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سی بی آر ریزیڈنشیا کے تمام متاثرین شدید مشکلات سے دوچار ہیں ان کے مطابق بعض افراد کو دیے گئے چیکس بھی آج تک کیش نہیں ہو سکے انہوں نے الزام لگایا کہ یہ چیکس صرف ایف آئی اے کی کارروائی سے بچنے کے لیے جاری کیے گئے تھے جبکہ عملی طور پر کسی متاثرہ شخص کو ریلیف نہیں ملا انہوں نے میڈیا سے مطالبہ کیا کہ متاثرین کے مسئلے کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے تاکہ ہزاروں متاثرہ خاندانوں کو انصاف مل سکے اس موقع پر حبیب الرحمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین اپنے حقوق کے حصول تک احتجاج کا سلسلہ جاری رکھیں گے انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوام کی جمع پونجی لوٹنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شفاف تحقیقات مکمل کی جائیں اور متاثرین کو جلد از جلد انصاف، متبادل پلاٹس یا ان کی رقوم واپس کی جائیں۔

بقیہ نمبر 5

صدر الطاف احمد بٹ کے ترجمان نے کہا ہے کہ ہمارے کچھ مخالفین اپنے مذموم مقاصد کی خاطر معصوم لوگوں کو استعمال کر کے ہماری 15 سالہ ساکھ اور سوسائٹی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں جسمیں وہ ماضی کی طرح ناکام رہینگے، مخالفین کا مقصد الطاف بٹ کی سی بی آر ممبران اور بزنس کمیونٹی اور سی بی آر سوسائٹی کی شہرت کو خراب کرنا ہے تاکہ آنے والے الیکشن میں وہ سوسائٹی کے ممبران کو وہ اپنے حق میں گمراہ کر سکے۔ لیکن سب جانتے ہیں کہ سوسائٹی ہذا کے ممبران اور رہائشی الطاف احمد بٹ کی سوسائٹی کیلئے خدمات کی دل سے قدر کرتے ہیں لہذا ایسے مخالفین کا کوئی بھی ہتھکنڈا یا دباؤ ہمیں ممبران کی خدمت سے نہیں روک سکتا، ترجمان نے کہا کہ سی بی آر کے حوالے سے پراپیگنڈا اور ممبران و سوسائٹی کیخلاف سازشوں پہ اب خاموش نہیں بیٹھا جاسکتا، ترجمان نے کہا کہ سوشل میڈیا پہ موجود مواد جھوٹ پہ مبنی ہے، الطاف احمد بٹ بہت جلد میڈیا ٹاک میں تمام حقائق پیش کرینگے جس سے جھوٹ اور سچ کا سب کو پتہ چل جائے گا، سی بی آر ٹاؤن فیز ون ماڈل سوسائٹی ہے جبکہ سی بی آر فیز 2 بھی آر ڈی اے کی منظور شدہ سکیم ہے، یہ مخالفین کی ہمارے اور پراجیکٹ کیساتھ مخاصمت ہے وہ اسے پھلتا پھولتا نہیں دیکھ سکتے، سوسائٹی کے پاس مطلوبہ اراضی اور بے شمار اثاثے موجود ہیں، ہم اب سوسائٹی کو مزید نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دینگے، ترجمان نے بتایا کہ الطاف احمد بٹ پہلے بھی اپنے ریگولیٹرز اتھارٹیز سمیت تمام اداروں کے سامنے جوابدہ تھے اور اب بھی ہیں، وہ ہر فورم پہ الزامات کا جواب دے رہے ہیں اور آئیندہ بھی دیتے رہنے کا عزم رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6

لیے فرانزک تحقیقات کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیشنل فرانزک ایجنسی کی ٹیموں نے جائے حادثہ کا دورہ کیا اور جلے ہوئے اسٹالز سے نمونے اکٹھے کیے

بقیہ نمبر 7

آذربائیجان کے راستے سفر کرنے والے تین مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق آف لوڈ کیے گئے مسافروں میں ایک باپ اور اس کے دو بیٹے شامل ہیں، جو پرواز نمبر PA-468 کے ذریعے لاہور سے باکو جا رہے تھے۔ ویری فکیشن کے دوران مسافروں سے البانیا کے ویزے اور سربیا سے متعلق ڈیجیٹل شواہد برآمد ہوئے، جبکہ ان کے موبائل فونز سے مشتبہ ٹریول ایجنٹس سے رابطوں کے ثبوت بھی ملے۔ ابتدائی تفتیش میں مسافروں نے اعتراف کیا کہ ایک ایجنٹ نے انہیں غیر قانونی طور پر اٹلی بھجوانے کے لیے سربیا اور آذربائیجان کا روٹ تیار کیا تھا۔ مسافروں کے مطابق ایجنٹ نے فی مسافر 40 لاکھ روپے میں اٹلی اسمگل کرنے کا معاہدہ کیا تھا، جبکہ فی مسافر 34 لاکھ روپے پہلے ہی ادا کیے جا چکے تھے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق تینوں مسافروں کو مزید تفتیش کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 8

سکول کا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری مردانہ) سید تقی عباس نے اچانک دورہ کیا، دوران معائنہ یہ بات سامنے آئی کہ حکومتی احکامات اور شدید گرمی کے باعث تعلیمی اداروں کی تعطیلات کے باوجود مذکورہ سکول کھلا ہوا تھا، جبکہ طلبہ شدید گرمی اور حبس کے ماحول میں امتحانی پرچے دے رہے تھے، جو حکومتی ہدایات کی صریح خلاف ورزی ہے اور طلبہ کی صحت و سلامتی کے لیے بھی خطرے کا باعث بن سکتی ہے، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی رپورٹ اور سفارشات کی روشنی میں چیف ایگزیکٹو آفیسر، محکمہ تعلیم ضلع اٹک، ڈاکٹر محمد اظہر نے متعلقہ سکول کو سات لاکھ روپے جرمانے کا نوٹس جاری کرتے ہوئے تادیبی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، سکول انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ سات (7) روز کے اندر اپنا تحریری جواب جمع کروائے، جس کے بعد قواعد و ضوابط کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اٹک (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید نے ڈپٹی کمشنر آفس میں پیرا فورس کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں پیرا فورس کے افسران سمیت متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید نے کہا کہ حکومت پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق پیرا فورس اپنی ذمہ داریاں قانون اور ضابطے کے مطابق انجام دے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے، انہوں نے کہا کہ پیرا فورس کے تمام افسران اپنے دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے شفاف، غیر جانبدار اور موثر انداز میں فرائض سرانجام دیں اور کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی ہرگز نہ ہونے دیں، انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مارکیٹوں میں اشیائے ضروری کی قیمتوں، سرکاری نرخ ناموں اور معیار کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے، انہوں نے کہا کہ عوام کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، اجلاس میں متعلقہ افسران نے پیرا فورس کی کارکردگی، جاری اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور موثر رابطے کے ذریعے حکومتی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ عوام کو حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات اور ریلیف کے ثمرات بلاامتیاز پہنچ سکیں۔

بقیہ نمبر 9

پر آگاہی مہم کا آغاز کر دینا چاہیے انہوں نے کہا کہ ہم ہر سال مون سون کے موسم میں تباہی کا باعث بنتے ہیں ہمارے جانور، مویشی زمینیں، کھڑی فصلیں۔ گھر اور انسانی جانیں تک ضائع ہو جاتی ہیں اور یہ اس وجہ سے ہوتی ہیں کہ ہم مون سون سے پہلے آگاہی مہم شروع ہی نہیں کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 10

ایپ چیٹ نے انتشار پھیلانے کا مذموم ایجنڈا بے نقاب کر دیا۔ لیک وائس ایپ چیٹ کے مطابق کالعدم کمیٹی کے مقامی کارندے سردار آفتاب نے بیرون ملک بیٹھے سرغنہ کو پہیہ جام کرکے مکمل بند کرنے کی اطلاع دی جبکہ چیٹ میں کمیٹی کے کارندے ریاستی اداروں کی مدد کرنے والوں کے گھروں کو آگ لگانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 11

تعلیم، تحقیق، صنعت اور کاروبار کے میدانوں میں انقلابی تبدیلیاں لا رہی ہے۔ پاکستان میں بھی AI کی اہمیت روز بروز بڑھ رہی ہے۔ کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد ان اداروں میں شامل ہے جو مصنوعی ذہانت کو تعلیم اور تحقیق کا لازمی جزو بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ یونیورسٹی میں AI سے متعلق نصاب، تحقیقی سرگرمیوں اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ طلبہ عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ ہو سکیں۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ کامسیٹس یونیورسٹی نہ صرف جدید ٹیکنالوجی کو فروغ دے رہی ہے بلکہ پائیداری اور ماحولیاتی تحفظ کو بھی اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ یونیورسٹی کے مختلف منصوبوں میں گرین انرجی، ماحول دوست انفراسٹرکچر اور پائیدار ترقی کے اصولوں کو مدنظر رکھا جا رہا ہے۔ شمسی توانائی کے استعمال، توانائی کی بچت اور ماحول دوست اقدامات یونیورسٹی کے مستقبل کے وژن کا اہم حصہ ہیں۔ تحقیق کے میدان میں بھی کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد پاکستان کی صف اول کی جامعات میں شمار ہوتی ہے۔ یونیورسٹی کے محققین مختلف سائنسی، تکنیکی اور سماجی شعبوں میں اہم تحقیقی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ قومی اور بین الاقوامی تحقیقی جرائد میں شائع ہونے والی تحقیقات اس ادارے کی علمی اہمیت کا واضح ثبوت ہیں۔ ڈاکٹر راحیل قمر کی قیادت میں تحقیق کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور بین الاقوامی اشتراک عمل کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ کامسیٹس یونیورسٹی کی ایک اور نمایاں خصوصیت اس کا وسیع اور متنوع طلبہ نیٹ ورک ہے۔ ملک کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں طلبہ یہاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ یونیورسٹی طلبہ کو صرف تعلیمی میدان تک محدود نہیں رکھتی بلکہ ان کی شخصیت سازی، قائدانہ صلاحیتوں اور سماجی شعور کی ترقی کے لیے بھی متعدد مواقع فراہم کرتی ہے۔ مختلف سوسائٹیز، سیمینارز، ورکشاپس اور تحقیقی سرگرمیاں طلبہ کو ایک متحرک اور مثبت تعلیمی ماحول فراہم کرتی ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں کامیابی صرف عمارتوں یا انفراسٹرکچر سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے موثر قیادت، واضح وژن اور مسلسل جدت ضروری ہوتی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر کی قیادت میں کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد انہی اصولوں پر عمل کرتے ہوئے ایک جدید، ڈیجیٹل اور عالمی معیار کی جامعہ بننے کی جانب پیش رفت کر رہی ہے۔ ان کی انتظامی حکمت عملی، علمی بصیرت اور اصلاحاتی اقدامات نے ادارے کو ایک نئی سمت عطا کی ہے۔ آج جب پاکستان کو علم پر مبنی معیشت، جدید تحقیق اور ٹیکنالوجی سے لیس افرادی قوت کی ضرورت ہے، ایسے میں کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کا کردار مزید اہم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر راحیل قمر کی قیادت میں یونیورسٹی نہ صرف تعلیمی معیار کو بلند کر رہی ہے بلکہ آنے والی نسلوں کو مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار بھی کر رہی ہے۔ یہی وہ وژن ہے جو کسی بھی تعلیمی ادارے کو قومی ترقی کا حقیقی محرک بناتا ہے۔ بلاشبہ کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد آج پاکستان کی اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں جدت، شفافیت، ڈیجیٹل تبدیلی اور پائیدار ترقی کی ایک روشن مثال بن کر ابھر رہی ہے۔ اگر یہی رفتار اور عزم برقرار رہا تو یہ ادارہ مستقبل میں نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی اپنی شناخت مزید مستحکم کرنے میں کامیاب ہوگا

بقیہ نمبر 12

تفصیلات کے مطابق 2 دن قبل 10 قیدی فرار ہونے کا معاملہ نا صرف راولپنڈی پولیس کے لیے چیلنج بن چکا تھا بلکہ ملکی اور بین الاقوامی لیول پر سب کی نظریں جمی ہوئی تھیں۔ اس بارے سی پی او راولپنڈی۔ ایس ایس پی اپریشنز۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن۔ ایس پی صدر۔ ایس ڈی پی او کہوٹہ کی زیر صدارت راولپنڈی پولیس کے ٹاپ پولیس ورکنگ ایس ایچ او ز کو فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے سپیشل ٹاسک دیے گئے۔ تمام مشینری حرکت میں لائی گئی۔ اس سارے معاملے میں قابل غور بات یہ ہے کہ ہمیشہ کی طرح قابل اور اعلیٰ کارکردگی کے راولپنڈی پولیس کے افسران کے دیے گئے ٹاسک پر ایس ایچ او زاظہر اور انکی ٹیم نے دن رات کی انتھک محنت اور تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے 10 فرار ملزمان میں سے 7 ملزمان گرفتار کر لیے جبکہ بقایا 3 بھی انشاءاللہ جلد گرفتار ہوں گے۔

بقیہ نمبر 13

فراہمی، روزگار کے مواقع اور سرکاری و نجی عمارتوں میں ان کے لیے آسان رسائی سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر، ضلعی زکوٰۃ آفیسر، ٹیوٹا (TEVTA)، محکمہ تعلیم، محکمہ اسپیشل ایجوکیشن، محکمہ لیبر، پیسی سمیت متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 14

منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 کارروائیوں کے دوران 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ان کارروائیوں کے دوران 4 کروڑ 4 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 724.316 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی

بقیہ نمبر 15

کم سے کم 16 ہزار 770 اور زیادہ سے زیادہ 48 ہزار 890 روپے ہو گیا۔ لاہور سے کوئٹہ کا فضائی کرایہ کم سے کم 12 ہزار 20 اور زیادہ سے زیادہ 44 ہزار 140 روپے ہو گیا۔

بقیہ نمبر 16

احتجاجی لہر برقرار ہے۔ اس حوالے سے افغان جریدے ہشت صبح کے مطابق انسانی حقوق کی تنظیم وائس آف وومن نے برازیل کے شہر ساؤ پالو میں طالبان رجیم کی ظالمانہ پالیسیوں اور برسلز دورے کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 17

نوجوان بھارتی طالبعلم عمر خالد کا مستقبل مودی حکومت کے سخت ریاستی اقدامات اور الزامات کی زد میں آگیا

بقیہ نمبر 18

فلسطینی حلقوں نے شدید احتجاج اور مذمت کا اظہار کیا ہے۔ فلسطینی سرکاری خبر رساں ایجنسی وفا کے مطابق متعدد اسرائیلی آباد کار اسرائیلی پولیس کی حفاظت میں مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل ہوئے، جہاں انہوں نے تلمودی مذہبی رسومات ادا کیں۔ فلسطینی حکام نے اس اقدام کو مقدس مقام کی حرمت کی خلاف ورزی اور اشتعال انگیزی قرار دیا

بقیہ نمبر 19

کا دورہ کیا تھا اور جنگ کے دوران ایران کے معاملے پر مکمل خاموشی اختیار کی تھی۔

بقیہ نمبر 20

میں صدر مرکزی مرکزی انجمن تاجران راجہ جواد معروف سماجی شخصیت راجہ جلیل کیانی صدر پوٹھوہار پریس کلب شہزادہ ارباب اعجاز سابق وائس چیئرمین پوٹھوہار پریس کلب ملک محمد نصیر چیئرمین سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ مرزا شاہد محمود باوا وسیم الحسینی ازرم خیام مرزا تیمور وارثی شیخ عامر ڈاکٹر مظہر ضیاء رشید قریشی زعفران قریشی ملک شاہ زیب طارق بابر الیاس امجد احسن کیانی ڈاکٹر عبدل داؤد شاہ زیب مسعود قادری شاہد اللہ حافظ اکرام سمیت دیگر بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 21

ایسے کردار نفرت اشتعال انگیزی کا باعث بنتے ہیں آزاد کشمیر کی تمام بند سڑکیں اور بازار کھولے جائیں اشیاء خورد و نوش کی سپلائی بحال کی جائے عوام کا جینا مشکل ہو چکا ہے تمام فریق صبر و تحمل سے کام لیں حکومت وزیروں مشیروں اور بیوروکریسی کے گھروں میں کسی چیز کی کمی نہیں ہے مارا گیا تو بیچارہ عام آدمی جس کو دونوں طرف سے تکلیف پہنچائی جاتی ہے انہوں نے اپنے خصوصی تبصرے میں کہا کہ اگر خون خرابا ہوا تو اس کی ذمہدار حکومت آزاد کشمیر ن لیگ اور پیپلز پارٹی ہو گی اور یہ حکومت وقت اور لیڈر شپ کی نااہلی اور بے حسی ہو گی جو آج خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں بدقسمتی سے اب آزاد کشمیر میں سنجیدہ اور طاقتور لیڈر شپ نہیں ہے وہ لوگ سیاست کی دوڑ میں شامل ہیں جو انتخابی ٹکٹ کے حصول کے لیے مارے مارے پھر رہے ہیں ایک جماعت سے دھتکارے جاتے ہیں تو دوسری میں چلے جاتے ہیں ان کا کوئی مستقبل نہیں عوام ایسے لوگوں کا محاسبہ کریں

بقیہ نمبر 22

ہے کہ عوام کا اعتماد ایک بار پھر پیپلز پارٹی پر مضبوط ہو رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا چوہدری ظہیر سلطان محمود نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے دن رات محنت کروں گا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت ملک میں جمہوریت، آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کے فروغ میں ہمیشہ اہم کردار ادا کرتی رہی ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی اس روایت کو مزید مستحکم بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی

بقیہ نمبر 23

اہم رہنماؤں سمیت رئیل اسٹیٹ انڈسٹری کی معروف شخصیات، پراپرٹی ڈیلرز اور معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر مقررین نے پراجیکٹ کی تفصیلات پیش کرتے ہوئے کہا کہ "بی گرین" کا مقصد نہ صرف جدید رہائشی سہولیات فراہم کرنا ہے بلکہ ماحولیاتی تحفظ اور گرین لیونگ (Green Living) کو بھی فروغ دینا ہے۔ انہوں نے پرسٹیج بلڈرز اینڈ مارکیٹنگ کے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں اعتماد اور جدت کی تاریخ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ نیا پراجیکٹ جڑواں شہروں میں ایک نئی مثال قائم کرے گا تقریب کے اختتام پر راولپنڈی اور اسلام آباد سے آئے ہوئے پراپرٹی ڈیلرز اور دیگر شرکاء نے "بی گرین" کے جدید تصور کو سراہا اور انتظامیہ کو اس نئے آغاز پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے پراجیکٹ کی کامیابی کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 24

بندی پر منصوبے کے مطابق چار دیواری تعمیر کر دی گئی تو متعدد گھروں کے داخلی راستے بند ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ وہ مرکزی سڑک بھی بند ہو جائے گی جو برسوں سے پنڈوڑیاں، جاوا، جابا تیلی، شریف ٹاؤن اور دیگر ملحقہ آبادیوں کے رہائشی استعمال کرتے آ رہے ہیں۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ سی ڈی اے نے منصوبے میں اس اہم عوامی راستے کا کوئی متبادل شامل نہیں کیا، جس کے باعث روزانہ ہزاروں شہریوں طلبہ خواتین بزرگوں اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے وزیر داخلہ محسن نقوی چیئرمین سی ڈی اے اور سی ڈی اے کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ماڈل قبرستان کے نقشے پر فوری نظر ثانی کرتے ہوئے سی ڈی اے بائی لاز کے مطابق آبادی کے لیے مناسب عوامی راستہ اور گرین بیلٹ مختص کی جائے تاکہ شہریوں کی آمد و رفت متاثر نہ ہو۔ اہل علاقہ نے واضح کیا ہے کہ اگر متبادل راستہ فراہم نہ کیا گیا تو وہ اپنے آئینی اور قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے مزید احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 25

نظام کے عکاس ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کو جہاز خریدنے کی رقم کا جواب دینا پڑے گا۔ ایسے منطق اور دلیل سے عاری جواب جمہوریت دشمن سوچ کے عکاس ہیں۔

بقیہ نمبر 26

کے درمیان ایک خوبصورت تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔ سری لنکا کے دورے کے دوران سونیا مجید نے Millennium Elephant Foundation کا دورہ کیا، جو ہاتھیوں کی دیکھ بھال، تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والا ایک فلاحی ادارہ ہے۔ ادارے کے مشن سے متاثر ہو کر سونیا نے باضابطہ طور پر لکشمی کو گود لینے کا فیصلہ کیا، جو سری لنکا کے سب سے مشہور ہاتھیوں میں سے ایک اور MEF کے خاندان کی قابل احترام مادہ سربراہ ہے۔ سونیا کے لیے یہ اقدام دو مختلف فنون کے درمیان ایک طاقتور تعلق کی علامت ہے انسانی تخلیقی صلاحیت اور قدرت کی خوبصورتی ہے اس موقع پر سونیا مجید کا کہنا تھا کہ: ایک فنکار کے طور پر میرا یقین ہے کہ ہر جاندار کی اپنی ایک کہانی ہوتی ہے۔ لکشمی کا سفر، اس کی طاقت اور اس کی وراثت نے مجھے متاثر کیا۔ یہ صرف گود لینے کا عمل نہیں بلکہ ان خوبصورت مخلوقات کا احترام، تحفظ اور جشن منانے کا عہد ہے۔ لکشمی: ایک تاریخی ورثہ رکھنے والا مشہور ہاتھی لکشمی، جس کے نام کا مطلب "دولت اور خوشحالی کی دیوی" ہے، Millennium Elephant Foundation کے سب سے زیادہ پہچانے جانے والے ہاتھیوں میں شمار ہوتی ہے۔ طاقت، وقار اور خوبصورتی کی علامت لکشمی کا تعلق بین الاقوامی فلموں اور دستاویزی فلموں سے بھی رہا ہے، جس نے اسے سری لنکا کے تحفظ حیات کے سفر میں ایک نمایاں کردار بنا دیا ہے۔ لکشمی، پوجا (Pooja) کی والدہ بھی ہے، جسے سری لنکا میں قید میں پیدا ہونے والا پہلا ہاتھی قرار دیا جاتا ہے۔ لکشمی کا شاندار سفر اسے صرف ایک ہاتھی نہیں بلکہ ورثے، برداشت اور جانوروں کے تحفظ کی اہمیت کی علامت بناتا ہے۔※ ایک فنکار کا دوسرے فنکار کو خراج احترام سونیا مجید کا یہ فیصلہ اس یقین کی عکاسی کرتا ہے کہ تخلیق صرف انسانوں تک محدود نہیں۔ ایک گلوکارہ اور فنکارہ کی حیثیت سے سونیا نے لکشمی کے ساتھ اپنے تعلق کو "ایک فنکار کا دوسرے فنکار کا احترام" قرار دیا، کیونکہ لکشمی نے کئی سالوں سے دنیا بھر کے لوگوں کے ساتھ اپنی کہانیاں، جذبات اور یادیں شیئر کی ہیں۔ MEF کی جانب سے فراہم کردہ گود لینے کا سرٹیفکیٹ اور پیکیج بھی ادارے کے پائیدار اقدامات کی عکاسی کرتے ہیں، جن میں ماحول دوست مواد شامل ہے، جیسے ہاتھیوں کے فضلے سے تیار کردہ ری سائیکل شدہ کاغذی مصنوعات، جو قدرتی فضلے کو مفید اور ماحول دوست اشیاء میں تبدیل کرتی ہیں۔ یہ پائیدار طریقہ ظاہر کرتا ہے کہ تحفظ فطرت، ذمہ دار سیاحت اور ماحولیاتی شعور مل کر مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔※ ہاتھیوں کے لیے ایک پائیدار مستقبل کی حمایت Millennium Elephant Foundation سری لنکا میں ہاتھیوں کی فلاح، تحفظ اور آگاہی کے لیے کام کرتا ہے۔ ادارہ ایسے ہاتھیوں کی دیکھ بھال کرتا ہے جنہیں طویل مدتی مدد کی ضرورت ہوتی ہے، جبکہ ذمہ دارانہ ہاتھیوں کی فلاح کے بارے میں آگاہی بھی پھیلاتا ہے۔ MEF کا مشن ہاتھیوں کے لیے بہتر تحفظ، صحت اور عزت کو یقینی بنانا ہے اور دنیا بھر سے تحفظی کوششوں میں تعاون کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ لکشمی کو گود لے کر سونیا مجید بھی ان عالمی آوازوں میں شامل ہو گئی ہیں جو ہمدردی، اثر و رسوخ کو پائیداری اور جانوروں کی فلاح کے لیے استعمال کر رہی ہیں۔ ایشیا، پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے لیے فخر کا لمحہ سونیا مجید کا یہ اقدام ایشیائی تخلیقی برادری کے لیے ایک قابل فخر لمحہ ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ خطے کے فنکار عالمی ماحولیاتی مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ موسیقی سے تحفظ فطرت تک ان کا سفر دنیا کو یہ پیغام دیتا ہے: فن تبدیلی لا سکتا ہے، ہمدردی اثر پیدا کر سکتی ہے، اور قدرت کا تحفظ پوری دنیا کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 27

ہولڈرز کو مشترکہ طور پر کردار ادا کرنا ہوگا۔ سیمینار سے خطاب کر رہی تھیں۔ تقریب میں برٹش ہائی کمیشن کے نمائندگان، صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر، زیبا ستار، سول سوسائٹی کے نمائندے، ترقیاتی شراکت داروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی

بقیہ نمبر 28

ریل کار میں پنکھوں کی بندش مسافروں کے لیے روز مرہ کا مسئلہ بن گئی ہے شدید گرمی کے موسم میں ٹرین کے پنکھے بند ہونے کے باعث بچوں خواتین بزرگوں اور مریضوں کو سفر کے دوران شدید مشکلات اور اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

بقیہ نمبر 29

روڈ لاہور میں شام 6 بجے منعقد ہو رہی ہے۔ ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان اور پنجاب ادارہ برائے زبان تن تے ثقافت (پلاک) کے اشتراک سے یادحسین علیہ السلام کے سلسلے میں مجلس مسالمہ، سوز و سلام کی محفل آج 3، جولائی 2026ء بروز جمعہ پلاک ہال 2، پنجابی کمپلیکس قذافی سٹیڈیم فیروز پور روڈ لاہور شام 6 بجے منعقد ہو رہی ہے۔ نامور شعراء، نعت خواں اور معروف گلوکار اپنا کلام بارگاہ سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام پیش کریں گے۔

بقیہ نمبر 30

احکامات کی روشنی میں ایس پی سٹی ڈاکٹر ایاز حسین نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کی فوری دادرسی کو یقینی بنانے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔

بقیہ نمبر 31

کے مستقل حل کے لیے موجودہ چیئرمین واسا عزیز اللہ خان، جو اس وقت ڈائریکٹر واٹر سپلائی تھے، کے دور میں تین کروڑ روپے سے زائد لاگت سے جدید انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک تعمیر کیا گیا اور اس پر موٹر بھی نصب کی گئی، مگر منصوبہ آج تک فعال نہ ہو سکا۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کو راول ڈیم کی سپلائی لائن سے منسلک کر کے علاقے کو پانی فراہم کیا جانا تھا لیکن منصوبہ مکمل ہونے کے باوجود اسے راول ڈیم سے پانی فراہم نہیں کیا گیا جس کے باعث کروڑوں روپے کا یہ منصوبہ برسوں سے ناکارہ پڑا ہے۔ شہر نامہ نیوز متعدد بار اس منصوبے کی بندش اور متعلقہ حکام کی غفلت کی نشاندہی کر چکا ہے، تاہم تاحال کوئی موثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ واسا باقاعدگی سے پانی کے بل تو وصول کر رہی ہے، مگر گھروں کے نل خشک پڑے ہیں۔ لوگ روزمرہ گھریلو ضروریات پوری کرنے کے لیے مہنگے داموں ٹینکر منگوانے اور اپنی مدد آپ کے تحت کنوئیں کھدوانے پر مجبور ہیں، جس سے ان پر بھاری مالی بوجھ پڑ رہا ہے۔ اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب کمشنر راولپنڈی اور چیئرمین واسا سے مطالبہ کیا ہے کہ تین کروڑ روپے سے زائد مالیت کے اس منصوبے کو فوری طور پر فعال کر کے راول ڈیم کی سپلائی لائن سے منسلک کیا جائے، تاکہ یوسی 21 کے مکینوں کو کم از کم گھریلو استعمال کے لیے پانی کی باقاعدہ فراہمی یقینی بنائی جا سکے

بقیہ نمبر 32

، جس نے ملک کی سب سے اعلیٰ کریڈٹ ریٹنگ حاصل کی ہے۔ یہ کامیابی بینک میں جمع شدہ رقوم میں مسلسل اضافے، منافع میں نمایاں بہتری اور موثر رسک مینجمنٹ کی بدولت ممکن ہوئی ہے۔ اعداد و شمار بھی اس کامیابی کی تصدیق کرتے ہیں۔ سال 2025 میں بینک آف پنجاب کے ڈپازٹس 2 کھرب روپے سے تجاوز کر گئے، جبکہ کریڈٹ لاس الاؤنس سے پہلے آپریٹنگ منافع تقریباً دوگنا ہو کر 7.40 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 5.98 فیصد زیادہ ہے۔ اس کی بنیادی وجہ کم لاگت پر زیادہ ڈپازٹس حاصل کرنا، فنڈز کی لاگت میں کمی، بنیادی آمدنی میں اضافہ، اخراجات پر موثر کنٹرول اور محتاط رسک مینجمنٹ رہی۔ بینک آف پنجاب کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ظفر مسعود نے کہا کہ ٹرپل اے صرف ایک ریٹنگ نہیں بلکہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پیشہ ورانہ مہارت، نظم و ضبط اور مضبوط بینکاری سے کیا حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ہم نے ایک ایسا مضبوط تجارتی ادارہ بنایا ہے جو اپنے شیئر ہولڈرز کیلئے پائیدار قدر پیدا کرتا ہے جبکہ مالی شمولیت، ذمہ دار بینکاری اور پنجاب و پاکستان کی ترقی کے لیے اپنے عزم پر بھی قائم ہے۔ ظفر مسعود نے مزید کہا کہ یہ کامیابی ہمارے لوگوں کی کامیابی ہے، ہم حکومت پنجاب، اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز، صارفین، ریگولیٹرز، شیئر ہولڈرز اور بالخصوص وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شکر گزار ہیں، جنہوں نے بینک آف پنجاب اور اس کی اصلاحاتی ٹیم پر اعتماد کیا، ہمارے ملازمین کی پیشہ ورانہ مہارت، محنت اور لگن نے اس کامیابی کو ممکن بنایا اور ہم اسی جذبے کے ساتھ آگے بھی عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کیلئے بہترین نتائج دیتے رہیں گے۔ بینک آف پنجاب ذمہ دارانہ ترقی، مضبوط مالی بنیاد، صارفین پر مرکوز ڈیجیٹل جدت، مالی شمولیت اور تمام شراکت داروں کیلئے دیرپا قدر پیدا کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ بینک آف پنجاب پاکستان میں ایس ایم ای فنانسنگ، زرعی قرضوں، کم لاگت ہاؤسنگ، خواتین کاروباری افراد کی مالی معاونت، کریڈٹ کارڈز کے اجرا اور ڈیجیٹل قرض فراہم کرنے کے شعبوں میں نمایاں اور سرفہرست ہے۔

بقیہ نمبر 33

ہے۔ این ای او سی کے مطابق مسلسل بڑھتے ہوئے درجہ حرارت اور بالائی علاقوں میں متوقع بارشوں کے باعث گلیشیر پگھلنے کے عمل میں تیزی آنے کا امکان ہے، جس سے اچانک سیلاب، ملبے کے ریلے، لینڈ سلائیڈنگ اور مٹی کے تودے گرنے کے خطرات بڑھ سکتے ہیں۔ این ڈی ایم اے کے مطابق ہنزہ، نگر، غذر، اسکردو، شگر، گانچھے، خرمنگ، استور، دیامر، اپر و لوئر چترال، سوات اور دیگر گلیشیئر سے منسلک وادیوں میں خصوصی احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ درجہ حرارت میں اضافے اور متوقع بارشوں کے باعث ہسپر، ہوپر نالہ میں پانی کے بہاؤ میں نمایاں اضافے، مقامی سطح پر اچانک سیلاب، ملبے کے ریلوں اور دریائی کناروں کے کٹاؤ کا بھی خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ این ای او سی نے 4 جولائی 2026 تک مون سون سسٹم اور مغربی ہواؤں کے زیر اثر خیبر پختونخوا، پنجاب، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں پہاڑی ندی نالوں اور برساتی گزرگاہوں میں پانی کے بہاؤ میں اچانک اضافے اور سیلابی صورتحال کا امکان ظاہر کیا ہے۔ الرٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے چارسدہ، نوشہرہ، پشاور، مردان، صوابی، کوہاٹ، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، سوات، دیر، چترال، شانگلہ، بونیر، بٹگرام، تورغر اور کوہستان میں، جبکہ پنجاب کے راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، میانوالی، بھکر، خوشاب، سرگودھا، فیصل آباد، جھنگ، سیالکوٹ، نارووال، گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، شیخوپورہ، حافظ آباد اور منڈی بہاؤالدین کے نشیبی علاقوں اور برساتی نالوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ اسی طرح بلوچستان کے ژوب، شیرانی، موسیٰ خیل، بارکھان، سبی، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، لورالائی اور گردونواح، جبکہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے پہاڑی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی اور مقامی سیلاب کا خدشہ برقرار رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ شہری علاقوں میں شدید بارش کے دوران نشیبی علاقوں کے زیر آب آنے اور ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کا بھی امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ این ڈی ایم اے نے متعلقہ اداروں کو پیشگی حفاظتی اقدامات، نکاسی آب کے موثر انتظامات، ہنگامی مشینری کی تیاری، دریا کے بہاؤ اور گلیشیائی جھیلوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت جاری کی ہے۔ ادارے نے خبردار کیا ہے کہ سڑکوں، پلوں، آبپاشی کے نظام اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچ سکتا ہے، جبکہ نشیبی علاقوں اور دریا کے کنارے آباد افراد کو غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ این ڈی ایم اے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ سرکاری ہدایات اور بروقت جاری ہونے والی وارننگز پر عمل کریں۔ پی ڈی ایم ایز اور مقامی انتظامیہ کی جاری کردہ حفاظتی ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنائیں، جبکہ متوقع موسمی صورتحال، ممکنہ خطرات اور حفاظتی تدابیر سے متعلق مستند معلومات کے لیے پاک این ڈی ایم اے ڈیزاسٹر الرٹ ایپ سے راہنمائی حاصل کریں۔

بقیہ نمبر 34

مختلف امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ صوبائی وزیر نے بین وارگلٹن کو پنجاب میں جاری انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ دو سالوں میں 32 ہزار کلو میٹر شاہراہوں کی تعمیر و بحالی کی گئی ہے جبکہ محکمہ میں ڈیجیٹلائزیشن کی جانب اہم اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ انہوں نے واہگہ بارڈر روڈ، بی ایچ یو ز کی بحالی، ملتان وہاڑی منصوبہ اور فیصل آباد چینوٹ روڈ جیسے اہم منصوبوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ای ٹینڈرنگ کے ذریعے 100 ارب روپے کی بچت ممکن بنائی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبہ پنجاب جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر میں نمایاں پیش رفت کر رہا ہے اور حکومت شاہراہوں کے منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موڈ پر آگے بڑھانے کی خواہاں ہے تاکہ دنیا بھر کے سرمایہ کار، بالخصوص برطانیہ کے بڑے سرمایہ کار اس شعبے میں سرمایہ کاری کر سکیں۔ بین وارگلٹن نے پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں، خصوصاً واہگہ ٹورازم کوریڈور کی پیشہ ورانہ تعمیر اور خوبصورتی کو سراہا اور ای ٹینڈرنگ و ڈیجیٹلائزیشن جیسے اقدامات کو قابل تحسین قرار دیا۔ آخر میں صوبائی وزیر نے معزز مہمان کو سووینئر بھی پیش کیا

بقیہ نمبر 35

سرمایہ کاری" کے عنوان سے ایک خصوصی گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا۔ اس کانفرنس میں حکومتی نمائندوں، مالیاتی اداروں، ترقیاتی فنانس اداروں، سرمایہ کاروں اور نجی شعبے کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں سرکاری اور نجی شعبے کی اہم شخصیات شریک ہوئیں، جن میں پاکستان میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ، پاکستان بینکس ایسوسی ایشن اور او جی ڈی سی ایل کے چیئرمین ظفر مسعود، بینک الفلاح کے صدر اور سی ای او عاطف باجوہ، اور اکیومین فنڈز کی ایم ڈی عائشہ خان شامل ہیں۔!

بقیہ نمبر 36

فوری اور منصفانہ حل نکالا جائے۔ پی ٹی آئی کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ آزاد کشمیر کی آئینی، جمہوری اور سیاسی شناخت کو مجروح کیا جا رہا ہے، کشمیری عوام کی نمائندہ آوازوں کو دبایا جا رہا ہے، سیاسی کارکنوں کے خلاف کارروائیاں اور گرفتاریاں کی جا رہی ہیں۔ مزید بتایا گیا کہ اظہار رائے کی آزادی محدود اور میڈیا پر قدغنیں عائد ہیں، ایسے ماحول میں انتخابی عمل اپنی ساکھ اور معنویت کھو دیتا ہے لہٰذا اہم انتخابات نہیں، کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ پی ٹی آئی نے اعلان کیا کہ حالات معمول پر آنے تک انتخابات میں حصہ نہیں لیں گے، جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے معاملات افہام و تفہیم سے حل کیے جائیں اور انتخابی شیڈول پر نظر ثانی کی جائے اور تمام سیاسی جماعتوں کو مساوی اور آزادانہ انتخابی ماحول فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 37

روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر، مسٹر گیر تھامس ٹونسٹول سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بینظیر ہنر مند پروگرام کے تحت دونوں اداروں کے درمیان باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بی آئی ایس پی کی خواتین بینیفشریز کی ہنر مندی کی تربیت، روزگار کے بہتر مواقع، استعداد کار میں اضافے اور ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ طور پر کام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس مقصد کے لیے مستحقین کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر فراہم کرنے اور روزگار سے منسلک تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اس موقع پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی میں جاری اصلاحات کے تحت مستحق خواتین کی مالی شمولیت، ادائیگیوں میں شفافیت اور سہولت کو مزید بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل والٹ کا نظام متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی بینک کی ایک تحقیق کے مطابق بی آئی ایس پی محض ایک سماجی تحفظ کا پروگرام نہیں بلکہ اس کے مثبت اثرات مقامی معیشت پر بھی نمایاں طور پر سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر ہنر مند پروگرام غربت سے نجات کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس کا مقصد مستحق خاندانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر سکھا کر انہیں معاشی طور پر خود مختار بنانا اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آئی ایل او کے تعاون سے مختلف شعبوں بالخصوص خواتین کی دستکاری، ہوٹل مینجمنٹ، سیاحت اور دیگر ابھرتے ہوئے شعبہ جات میں ہنر مندی کی تربیت دی جا سکتی ہے جہاں روزگار کی زیادہ ضرورت اور گنجائش موجود ہے۔ گیر تھامس ٹونسٹول نے پاکستان میں سماجی تحفظ کے نظام کو مضبوط بنانے میں بی آئی ایس پی کے کردار کو سراہا اور ہنر مندی، باوقار روزگار اور مستحق خاندانوں کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کرنے کے لیے بی آئی ایس پی کے ساتھ تعاون میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں اداروں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں کی نشاندہی کے لیے فوکل پرسنز نامزد کرنے اور مشترکہ ورک پلان تیار کرنے پر اتفاق کیا تاکہ مستقبل میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے ذریعے اس تعاون کو باضابطہ اور دیرپا شکل دی جا سکے۔

بقیہ نمبر 38

سال 2024-25 کے آڈٹ اعتراضات کا جائزہ لیا گیا، کمیٹی میں اسلام آباد میں اسکول سے باہر بچوں کی تعداد میں اضافے کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ سال 2014 سے سکول سے باہر بچوں کی تعداد میں اضافہ کیوں ہو رہا ہے، سیکرٹری تعلیم نے بتایا کہ سال 2014 سے اب تک اسلام آباد میں صرف 7 نئے سکول بنے ہیں، ہم ترقیاتی بجٹ کیلئے کئی مرتبہ پلاننگ منسٹری گئے لیکن کچھ نہیں ہوا، نوید قمر نے کہا کہ اس کا مطلب تعلیم کو ترجیح نہیں دی جاتی، تو پھر دوسرے کاموں کیلئے بھی کوتاہیاں ہوں نا، پھر سڑکیں بنانے اور دوسرے کاموں کا کیا فائدہ، اس میں شک نہیں کہ ہمیں انسانی صلاحیتوں پر زیادہ خرچ کرنا چاہیے، اگر آبادی میں اضافے کے ساتھ اسکولوں میں اضافہ نہیں ہوگا تو یہ جواب نہیں، وزیر تعلیم امین الحق نے کہا کہ اسلام آباد میں داخلوں کیلئے لوگ ہمارے پاس آتے ہیں اور یہاں بچے سکول سے باہر ہیں، انہوں نے سیکرٹری تعلیم سے استفسار کیا کہ اس کا مطلب ہے کہ آپ کے ماتحت ٹیک انتہائی نااہل اور نالائق ہے، ڈی جی ایف ڈی ای نے بتایا کہ ہم نے کمپیوٹر کی تعلیم سمیت کئی نئے اقدامات اٹھائے ہیں، شاہدہ اختر علی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں سوسائٹیوں کی بھرمار ہے لیکن سکولوں کے بارے میں کوئی منصوبہ نظر نہیں آ رہا، جس پر ڈی جی ایف ڈی ای کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کے اسکولوں میں فی کلاس 32 بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں، آڈیٹر جنرل نے کہا کہ یہاں ایک بڑا مسئلہ ڈیلی ویجز اساتذہ کا بھی ہے، جس استاد کو یہ پتہ ہی نہ ہو کہ وہ کل ڈیوٹی پر ہوگا یا چھٹی پر وہ کیا پڑھائے گا، امین الحق نے کہا کہ اسلام آباد کے سرکاری اسکولوں میں داخلوں کے لیے کیا طریقہ کار اپنایا جاتا ہے، کیا وہی طریقہ کار ہے، حکام نے بتایا کہ سال 2021 میں اسکولوں میں لڑکے 96 ہزار اور لڑکیاں 1 لاکھ 28 ہزار تھے، سال 2024 میں اسکولوں میں لڑکے 99 ہزار تھے لڑکیاں 1 لاکھ 29 ہزار تک پہنچ گئیں، نوید قمر کا کہنا تھا کہ ہمیں کوئی مستقل کوشش نظر نہیں آتی کہ تعلیم کیلئے کچھ کیا جا رہا ہے، یہ تو ایک ناکام پالیسی ہے اس کا جائزہ لیا جانا ضروری ہے، ابھی وقت ہے اس سے پہلے کہ یہ معاملات ہاتھ سے نکل جائیں، نوید قمر نے امین الحق سے استفسار کیا کہ ہم ہر طرح کے معاملات پر لڑتے ہیں اس کا کچھ کریں، ساری پالیسی کا از سر نو جائزہ لیں، سی ڈی اے سے کچھ نہیں، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر کچھ کریں، کوئی پالیسی بنائیں اور اساتذہ کی بھرتی کا کچھ کریں۔ سیکرٹری تعلیم نے کہا کہ سال 2023 سے اب تک ایک ہزار اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے، تقریباً 900 اساتذہ کی بھرتی کا عمل پبلک سروس کمیشن میں جاری ہے، ہمیں دو ماہ دے دیں ہم ایک مکمل پالیسی بنا کر آپ کو دے دیں گے، نوید قمر نے کہا کہ یہ پالیسی کابینہ جائے گی اور وہیں سے فنڈز کی منظوری ہوگی※ سیکرٹری تعلیم نے کہا کہ ہم کوشش کریں گے کہ دو ماہ میں پالیسی بنا کر کابینہ میں پیش کر دیں۔

بقیہ نمبر 39

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ چھت پر زیادہ ملبہ ڈالنے سے چھت گری، سی آر گارڈر کی چھت پر بچوں کی موجودگی میں مٹی ڈلوانا انتہائی غیر ذمہ داری تھی، کمزور ڈھانچہ اضافی بوجھ برداشت نہ کر سکا۔ ماہرین کی رائے بھی رپورٹ میں شامل کر دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق چھت گرنے کے وقت خاتون ٹیچر اور 20 بچے چھت کے نیچے موجود تھے، خاتون ٹیچر 34 بچوں کو ٹیوشن پڑھاتی ہے لیکن چھت گرنے کے وقت 20 بچے حاضر تھے جن میں سے 14 بچے جاں بحق جبکہ 6 زخمی ہوئے۔ سانحے کی رپورٹ کے مطابق بچوں کی اموات سر کی ہڈیوں پر زیادہ چوٹیں آنے سے ہوئیں، تاحال کسی متعلقہ سرکاری ادارے کے کسی اہلکار کی کوئی غفلت نظر نہیں آئی، مقدمہ درج کر کے گھر کے مالک اور اس کے بھائی سمیت 5 افراد کو حراست میں لیا جا چکا ہے۔ مریم نواز شریف کو بھجوائی گئی رپورٹ پر باریک بینی سے غور شروع ہو گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ شہر بھر کے ٹیوشن سینٹرز کو بھی ایس او پیز مکمل کرنا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 40

انداز میں میدان میں رہے گی۔ دوسری جانب سردار تنویر الیاس نے عبدالعلیم خان کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ آزاد کشمیر میں ایک مضبوط، فعال اور عوام دوست سیاسی متبادل کی تشکیل کے لیے استحکام پاکستان پارٹی کے پلیٹ فارم سے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ذرائع کے مطابق شمولیت کے بعد استحکام پاکستان پارٹی نے آزاد کشمیر بھر میں اپنی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید تیز کرنے اور آئندہ عام انتخابات کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ سردار تنویر الیاس اور ان کے قریبی ساتھیوں کی آئی پی پی میں شمولیت آزاد کشمیر کی سیاست میں ایک اہم پیش رفت تصور کی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 41

شخصیات اور مدارس دینیہ کے منتظمین و ذمہ داران نے شرکت کی۔ انتخابی اجلاس میں مولانا فضل الرحمٰن نے صدر کے لیے مولانا مفتی محمد تقی عثمانی اور ناظم اعلیٰ کے لیے مولانا محمد حنیف جالندھری کے نام پیش کیے جنہیں شرکا نے بلامقابلہ منتخب کر لیا۔ منتخب صدر اور ناظم اعلیٰ آئندہ پانچ سالہ مدت کے لیے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی قیادت و نظامت کی ذمہ داریاں انجام دیں گے

بقیہ نمبر 42

اس اہم ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ سکیورٹی تعاون کو مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا اور دستخط شدہ معاہدے کو دونوں برادر ممالک کے گہرے اور مستحکم تعلقات کا عکاس قرار دیا۔ اپنے اس دورے کے دوران وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ریاض ریجن میں واقع جدید ترین "یونیفائیڈ سکیورٹی آپریشنز سنٹر (911)" کا تفصیلی معائنہ بھی کیا۔ انہوں نے سنٹر کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا جہاں انہیں تمام متعلقہ سکیورٹی اور سروسز کے اداروں کے مابین بہترین ہم آہنگی، روابط اور انضمام کو برقرار رکھنے کے لیے استعمال کی جانے والی جدید ترین ٹیکنالوجیز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ محسن نقوی نے شہریوں، مقامی مقیم افراد اور زائرین کے لیے ہنگامی رپورٹس پر انتہائی تیز رفتار اور درست ردعمل (کوئیک رسپانس) کو یقینی بنانے کے لیے سعودی حکام کی کوششوں اور جدید تکنیکی نظام کو خاص طور پر سراہا۔ واضح رہے کہ ریاض ریجن کا یہ مرکزی آپریشنز سنٹر (911) سعودی عرب کے اہم ترین سکیورٹی انفراسٹرکچر میں شمار ہوتا ہے، جو ریاض شہر کے علاوہ خطے کے 22 گورنریٹس (محافظات) کو اپنی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ ایک ہی چھت تلے قائم اس جدید ترین کنٹرول روم میں 62 آپریشنل ورکنگ یونٹس چوبیس گھنٹے متحرک رہتے ہیں، جو تمام ہنگامی اور ہنگامی نوعیت کی کالز کو موصول کر کے فوری کارروائی کو یقینی بناتے ہیں۔ سکیورٹی اور ہنگامی خدمات کا یہ مربوط نظام سعودی عرب کے "وژن 2030" اور "کوالٹی آف لائف پروگرام" کے اعلیٰ اہداف کے تحت کام کر رہا ہے

بقیہ نمبر 43

ہے، پاکستان 100 ویں نمبر پر براجمان ہے جبکہ پاکستان کمزور ترین پاسپورٹ رکھنے والا چوتھا ملک قرار پایا ہے۔

بقیہ نمبر 44

سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں اور انہیں کامیاب ہونے کا بھرپور موقع دیا جائے گا

بقیہ نمبر 45

خرم مشتاق نے الوداع کیا۔ اس موقع پر مسافروں نے مانچسٹر اور لاہور کے درمیان براہ راست فضائی رابطے کی بحالی کا خیر مقدم کیا اور اسے برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا

بقیہ نمبر 46

بقیہ نمبر 47

جسٹس شریعت کورٹ، پولیس اور جیل خانہ جات حکام بھی شریک تھے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ جیل اصلاحات پر قومی کانفرنس میں شرکت پر تمام مندوبین کو خوش آمدید کہتا ہوں، انصاف کے نظام میں قیدیوں کے حقوق کے تحفظ کو کلیدی حیثیت حاصل ہے، جیلوں میں صحت اور صاف پانی کی سہولت کی فراہمی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیر التوا کیسز نمٹانے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، جیلوں کے حالات بہتر بنانا آئینی طور پر صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے، نظام انصاف میں بہتری محض فیصلوں سے نہیں بلکہ موثر عملدرآمد سے آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نظام انصاف میں احتساب کو یقینی بنایا جا رہا ہے، فوجداری نظام انصاف کسی بھی معاشرے کیلئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جیلوں کی حالت زار بہتر بنانے کیلئے صوبائی سطح پر کمیٹیاں قائم کی گئیں، کانفرنس میں تمام صوبوں کی جانب سے نمائندگی کی گئی۔

بقیہ نمبر 48

عازمین حج کو گھر بیٹھے آسان، شفاف اور تیز رفتار رجسٹریشن کی سہولت فراہم کی گئی ہے

بقیہ نمبر 49

بتایا گیا، جس کے باعث بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان ہوا۔ مقامی حکام کا کہنا ہے کہ حملوں کے نتیجے میں ایک ہوٹل میں آگ بھڑک اٹھی، جبکہ ایک 6 منزلہ رہائشی عمارت مکمل طور پر منہدم ہو گئی

بقیہ نمبر 50

شامل ہیں، ایک زخمی کی حالت تشویشناک ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق عمارت کی زیر تعمیر دیواریں گرنے سے بچوں کے اندر موجود ہونے کی اطلاع ملی، جس کے بعد امدادی کارروائیاں فوری طور پر شروع کر دی گئیں۔ دوسری جانب وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے اسکول میں غیر قانونی سمر کیمپ لگانے کا نوٹس لے لیا

بقیہ نمبر 51

سکتا ہے، آبنائے ہرمز ایران کے اختیار میں ہے، سینٹ کام کے نہیں، بحرین میں منعقد ہونے والا فوجی اجلاس خلیج فارس کے لیے قانونی نظام اور سکیورٹی قائم نہیں کر سکتا

بقیہ نمبر 52

گیا، مشکوک بوری سے ایک خودکش جیکٹ برآمد ہوئی، خودکش جیکٹ کا وزن تقریباً 07 کلوگرام تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بم ڈسپوزل یونٹ نے خودکش جیکٹ کو محفوظ طریقے سے قبضے میں لے لیا، واقعہ کی تحقیقات بھی شروع کر دی گئی ہے، ذمہ داروں کو جلد حراست میں لے لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 53

کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال کی منظوری سے برآمدی پالیسی 2022 کی شق نمبر 3 کے تحت بعض مخصوص اشیاء کے لیے بینک کے ذریعے ادائیگی کی لازمی شرط میں عارضی نرمی دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 54

تا 13 جولائی کھیلے جانے والا پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ 2026 کی رنگا رنگ افتتاحی تقریب نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر آئی پی سی سیکرٹری وی پی ایچ ایف صدر محی الدین احمد وانی، الاسکا بیٹری کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر یحییٰ IBCC کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر غلام علی ملاح، شاہد انصار، جی ایم مارکیٹنگ طلحہ عباسی، ڈی جی ایم مارکیٹنگ بلال احمد اور ڈی ایم مارکیٹنگ طلحہ افتخار بھی موجود تھے۔ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز 2 جولائی 2026 کو شیڈول کے مطابق افتتاحی روز پہلا میچ مردان اور اے بجے کے درمیان کھیلا گیا جو کی اے بجے کے نے 0-9 سے جیت لیا۔ آزاد کشمیر کی جانب سے حمنہ، زولیرہ نے ہیٹرک جبکہ عائشہ، لائبہ علیبہ نے ایک ایک گول سکور کیا۔ دوسرے میچ میں کے پی کے A اور سندھ بی کے مابین کھیلا گیا جو کہ سندھ بی نے 0-4 سے جیت لیا سندھ بی کی جانب سے اناشہ اور شیریں نے دو دو گول سکور کیے۔ دوسرا میچ پنجاب-بی کا مقابلہ اسٹار اکیڈمی۔ اے سے ہوا جو کہ پنجاب بی نے 1-2 سے جیت لیا۔ پنجاب بی کی جانب سے اسمہ اور کنزہ نے ایک ایک جبکہ اسٹار اکیڈمی کی جانب سے سارہ نے گول سکور کیا۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے آئی ہوئی 16 ٹیموں کو مختلف پولز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پنجاب اے، پنجاب بی، گلگت بلتستان، اسٹار ویمن اکیڈمی اے و بی، ایف ڈی اسلام آباد، کے پی کے اے اور بی، ویمنز سپورٹس اکیڈمی مردان، آزاد جموں و کشمیر اے و بی، اولمپین ذاکر ویمنز اکیڈمی، سندھ اے، بی، سی، بلوچستان اور اسلام آباد کی ٹیمیں شامل ہیں

بقیہ نمبر 55

کرنے سے ابوبکر نامی بچہ جاں بحق اور 5 افراد زخمی ہو گئے۔ دو منزلہ عمارت کی دوسری منزل کا لینٹر گر گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق لینٹر کچا ہونے کی وجہ سے زوردار دھماکے سے نیچے گرا

بقیہ نمبر 56

ہے کہ این ایف سی میں جو صوبہ خدمات عامہ، صحت عامہ اور تعلیم پر زیادہ بہتر کارکردگی دکھائے زیادہ محاصل کا حقدار ہونا چاہیے۔ ساتویں این ایف سی کے بعد محاصل میں حصہ کم ہوا لیکن اخراجات میں کمی نہیں ہوئی۔ یہ بھی کہا گیا کہ ساتویں این ایف سی کے بعد دو وزارتیں صوبوں کو منتقل ہوئی، ان کے متبادل وزارتیں وفاق میں بھی رہیں، ساتویں این ایف سی اور 18 ویں ترمیم کے بعد وفاق کا خسارہ مسلسل بڑھتا رہا، صوبائی حکومتیں ساتویں این ایف سی اور 18 ویں ترمیم کے ثمرات عوام تک منتقل کرنے میں ناکام رہیں۔ عالمی بینک کے مطابق این ایف سی سے زیادہ محاصل ملنے کے بعد صوبائی حکومت نے اخراجات بڑھا لیے، صوبائی حکومت خدمات عامہ سے زیادہ خرچہ انتظامی امور پر کر رہی ہیں، صوبائی محاصل کا 80 فیصد حصہ انتظامی اخراجات اور محض 1 فیصد ماحولیات پر خرچ ہو رہا ہے۔ سفارش کی گئی کہ وفاق، صوبوں اور بلدیاتی اداروں میں وسائل کی بہتر تقسیم کی ضرورت ہے، پاکستان میں 18 ویں ترمیم اور 7 ویں این ایف سی ایوارڈ اہم اصلاحات ہیں، وفاقی مالی خسارے کی بڑی وجوہات زیادہ منتقلیاں اور کمزور ٹیکس وصولیاں ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ زرعی آمدن پر موثر ٹیکس نہ ہونے کے محصولات متاثر ہوئے، سال 2009 میں صوبائی محاصل معیشت کا 3.0 فیصد تھے جو 2026 میں 7.0 فیصد ہیں، صوبائی آمدن بڑھی لیکن وفاقی اخراجات میں مناسب کمی نہ آسکی، صوبائی اخراجات کا بڑا حصہ انتظامی و جاری اخراجات کی نذر ہو رہا ہے۔ عالمی بینک نے واضح کیا کہ صوبائی اخراجات میں ماحولیات، عوامی خدمت، تعلیم اور صحت عامہ کے شعبے نظرانداز کیے جا رہے ہیں، بلدیاتی حکومتوں کا مجموعی سرکاری اخراجات میں حصہ 10 فیصد سے کم ہو کر 5 فیصد سے بھی نیچے ہے۔ بینک نے سفارش کی کہ نئے این ایف سی ایوارڈ میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور بہتر کارکردگی کی بنیاد پر فنڈز دیے جانے چاہئیں، مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے اور مستحکم مالی منتقلیوں کی ضرورت ہے، وفاق اور صوبوں کے درمیان بہتر مالی ہم آہنگی ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 57

کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کی سپریم کورٹ میں تعیناتی اگلے ماہ میں ہوگی جبکہ سپریم کورٹ کی جج جسٹس مسرت ہلالی اگلے ماہ 8 اگست کو ریٹائر ہو جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق جسٹس مسرت ہلالی کی جگہ لاہور سے جج سپریم کورٹ میں تعینات کیا جائے گا۔ جسٹس عالیہ نیلم کی سپریم کورٹ تعیناتی کے بعد لاہور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کیلئے تین ناموں جسٹس عابد عزیز شیخ، جسٹس صداقت علی خان اور جسٹس شہباز علی رضوی کے ناموں پر غور ہوگا۔

بقیہ نمبر 58

زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 85 ہزار 665 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

بقیہ نمبر 59

جان لے لی ساتھی خاتون شدید زخمی ہوئی۔ ریسکیو 1122 شانگلہ اور مقامی افراد نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے امدادی سرگرمیاں انجام دیں۔ ریسکیو 1122 شانگلہ گزشتہ روز حالیہ بارشوں کے باعث گیار ماچکڈی خوڑ میں ندی نالوں میں شدید طغیانی آگئی جس کے نتیجے میں دو خواتین سیلابی ریلے کی زد میں آگئیں۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کے کنٹرول روم نے امدادی ٹیموں کو فوری طور پر روانہ کیا جو مختصر وقت میں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت سکینہ بی بی زوجہ ساجد کے نام سے ہوئی ہے جو سیلابی ریلے میں بہہ گئی تھیں۔ دوسری خاتون عاصمہ دختر ساجد کو امدادی کارروائی کے دوران شدید زخمی حالت میں پانی سے نکال لیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے انہیں موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔ ریسکیو 1122 اور اہل علاقہ نے مشترکہ طور پر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن جاری رکھا جس کے دوران طویل اور مشکل کوششوں کے بعد سکینہ بی بی کی لاش سیلابی ریلے سے نکال لی گئی۔ بعد ازاں ضروری قانونی کارروائی کے بعد میت ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ ریسکیو 1122 شانگلہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ مون سون بارشوں کے دوران ندی نالوں، برساتی خوڑوں اور سیلابی گزرگاہوں کے قریب جانے سے گریز کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی صورت میں فوری طور پر ریسکیو 1122 کو اطلاع دیں تاکہ بروقت امدادی کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔ ادھر مقامی لوگوں نے ریسکیو 1122 اور امدادی ٹیموں کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات میں اداروں اور عوام کے باہمی تعاون سے امدادی سرگرمیاں موثر انداز میں مکمل کی گئیں

بقیہ نمبر 60

آخری رسومات کی تیاریوں کے سلسلے میں سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 61

کے لئے انٹرویو کمیٹی کی سربراہی جسٹس عامر فاروق کریں گے۔ لاہور اور اسلام آباد ہائیکورٹس کی انٹرویو کمیٹیوں میں جسٹس عالیہ نیلم، جسٹس سرفراز ڈوگر، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، فاروق ایچ نائیک، علی ظفر اور احسن بھون بطور ارکان شامل ہوں گے۔

بقیہ نمبر 62

جھوٹو زرداری کی بھی شرکت متوقع ہے۔ نو منتخب وزیر اعلیٰ کی تقریب حلف برداری کے دعوت ناموں کی تقسیم شروع ہو گئی، گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ کا انتخاب 22 جون کو ہوا تھا اور پیپلز پارٹی کے امجد حسین ایڈووکیٹ بلا مقابلہ وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے تھے

بقیہ نمبر 63

واقعے کے بعد غیر قانونی سمر کیمپس کے خلاف کارروائی نہ کرنے پر اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر کو معطل کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سی ای او ایجوکیشن کا کہنا ہے کہ سکول انتظامیہ اور ٹھیکیدار کے خلاف مقدمہ درج کر کے 5 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ سی ای او ایجوکیشن نے شہر بھر کے سکولوں میں سمر کیمپس کی جانچ کے احکامات کر دیے۔ ایجوکیشن اتھارٹی حکام نے کہا ہے کہ پابندی کے باوجود جاری سمر کیمپس فوری بند کیے جائیں گے، سمر کیمپس لگانے پر سکول انتظامیہ کے خلاف کارروائی ہوگی۔

بقیہ نمبر 64

مساجد میں اذان کے لیے لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر پابندی سے متعلق ایک متنازع بل ابتدائی مرحلے میں منظور کر لیا۔

بقیہ نمبر 65

پا غیر موجودہ فرار دینا بین الاقوامی قانون کے مطابق ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام واقعے کے بعد بھارت کو قانونی تقاضوں کے مطابق پاکستان سے تحریری رابطہ کر کے تحقیقات میں تعاون طلب کرنا چاہیے تھا مگر اس کے بجائے کشیدگی اور جنگ کا راستہ اختیار کیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ اصل مسئلہ پانی کی کمی یا زیادتی نہیں بلکہ پانی کے بہاؤ پر کنٹرول حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرالہ ہیڈ ورکس پر کبھی انتہائی کم اور کبھی اچانک سیلابی پانی چھوڑ دیا جاتا ہے جس سے زراعت، انسانی جانوں اور معیشت کو نقصان پہنچتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصل مسئلہ پانی کے بہاؤ کو کنٹرول کر کے اسے بطور ہتھیار استعمال کرنا ہے جو بھارت کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ معاہدہ کامیاب نہیں ہوا تو پھر دنیا کا ہر ملک نشیبی ملک کے حصے کا پانی روکے گا۔ یہی وجہ ہے کہ یہ صرف پاکستان کا مسئلہ نہیں بلکہ دنیا بھر کا مسئلہ بن چکا ہے۔ سابق وزیر خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا کہ بھارت کو سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کی اجازت دی گئی تو کل کوئی بھی طرز عمل کسی اور ملک کے خلاف بھی اپنایا جا سکتا ہے جس سے عالمی معاہداتی نظام خطرے میں پڑ جائے گا۔ سابق وفاقی وزیر خرم دستگیر خان نے کہا کہ بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کر رہا ہے اور اس کی قیادت کھلے عام یہ اعلان کر چکی ہے کہ پاکستان کو ایک قطرہ پانی بھی نہیں ملنے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مشرقی دریاؤں میں اچانک پانی چھوڑنے یا روکنے سے لاکھوں پاکستانی متاثر ہوئے ہیں جبکہ عالمی قوانین کے مطابق پانی روک کر کسی بڑی آبادی کو غذائی بحران سے دوچار کرنا سنگین بین الاقوامی جرم ہے۔ سابق صدر نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عامر ریاض نے تاریخی پس منظر بیان کرتے ہوئے کہا کہ 1948ء میں بھی بھارت نے مشرقی دریاؤں کا موڑ دیا تھا جس کے بعد دس سالہ مذاکرات کے نتیجے میں 1960ء میں سندھ طاس معاہدہ وجود میں آیا معاہدہ دنیا کے کامیاب ترین سرحد پار آبی معاہدوں میں شمار ہوتا ہے اور اس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تصادم کو روکنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے حصے کے پانی پر قبضے کی کوشش قومی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ بین الاقوامی ماہرین نے بھی معاہدے کے تحفظ پر زور دیا۔ روسی ماہر ڈاکٹر روکسولا نا زیگون نے کہا کہ پاکستان کی 90 فیصد سے زائد زراعت دریائے سندھ کے نظام پر انحصار کرتی ہے اس لیے پانی کے بہاؤ میں ردوبدل پورے خطے کے استحکام کو متاثر کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا کے استحکام کیلئے سندھ طاس معاہدے کا برقرار رہنا ناگزیر ہے۔ چین سے تعلق رکھنے والے ماہر ڈاکٹر وکر گاؤنے کہا کہ پانی کی فراہمی روکنے کی دھمکی دینا انسانیت کے خلاف جرم ہے اور جنگ کے دوران بھی کروڑوں لوگوں کے لیے پانی روکنا جنگی جرم تصور کیا جاتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سندھ طاس معاہدے کا مکمل احترام یقینی بنایا جائے اور اس کی خلاف ورزیوں کو عالمی سطح پر بے نقاب کیا اور اسکی کی جرح ہر کی جائے۔ عالمی امور کی ماہر اور مصنفہ لوری اے وائٹلو نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ بین الاقوامی سفارتکاری کی ایک نمایاں کامیابی ہے، کوئی بھی ریاست صرف معاہدے کی معطلی کا اعلان کر کے اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں سے دستبردار نہیں ہو سکتی مستقل انڈس واٹر کمیشن گزشتہ چھ دہائیوں سے اپنے سامنے آنے والے بیشتر مسائل کے حل میں موثر کردار ادا کرتا رہا ہے۔ اس بین الاقوامی سیمینار میں پاکستانی قیادت اور ماہرین کے موقف نے واضح کیا ہے کہ بھارت کیلئے یہ ممکن نہیں ہوگا کہ وہ یکطرفہ طور پر اس معاہدے کو معطل کر کے پاکستانی دریاؤں کے پانی کا رخ موڑے یا ان پر اپنے منصوبے شروع کرے۔ پاکستان نے اسے اپنی بقا کا معاملہ قرار دیتے ہوئے واضح پیغام دے دیا ہے کہ اگر بھارت نے ایسا کیا تو اسے اس کا خمیازہ بھگتنا ہوگا۔

اسلام آباد، نیشنل پریس کلب کے باہر سی بی آر ریزیڈنشیا کے متاثرین احتجاج کر رہے ہیں

سی بی آر ریزیڈنشیا الطاف بٹ، سلیم خان نے پلاٹس کے بوگس الاٹمنٹ لیٹر دیکر لوگوں سے اربوں روپے لوٹ لیے

18 سے 19 سو خاندان کو لوٹ کر آئی ایٹ اسلام آباد میں قائم سوسائٹی کا دفتر بھی ختم کر دیا گیا، فائلیں ردی کا ڈھیر بن گئیں

نوسر بازوں نے 2023 میں متعلقہ زمین فیصل ٹاؤن کے حوالے کر دی، ادائیگیاں بھی ایک نجی کمپنی کے ذریعے وصول کی گئیں

ایف آئی اے کی کارروائی سے بچنے کے لیے بعض افراد کو چیکس بھی دیے گئے جو آج تک کیش نہ ہو سکے

شفاف تحقیقات مکمل کی جائیں اور متاثرین کو جلد از جلد انصاف، متبادل پلاٹس یا ان کی رقوم واپس کی جائیں، متاثرین

متاثرین کا سابق صدر، سابقہ سیکرٹری اور لینڈ پرووائیڈر مشتاق عسکری کو گرفتار، اثاثے ضبط کرنیکا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سی بی آر ریزیڈنشیا سے متاثرہ شہریوں نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاج کی قیادت حبیب الرحمن نے کی، جبکہ مظاہرین نے سی بی آر کی فائلیں اور متعلقہ دستاویزات اور بینرز اٹھا رکھے تھے اور انصاف کی فراہمی لوٹی گئی رقوم کی واپسی اور متبادل پلاٹس کی فراہمی کے حق میں نعرے بازی کی مظاہرین کا کہنا تھا کہ سی بی آر ریزیڈنشیا میں سرمایہ کاری کرنے والے ہزاروں شہری کئی برسوں سے مشکلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

الزامات سوسائٹی ممبران کو گمراہ کرنیکی کوشش، الطاف بٹ کا موقف

اسلام آباد (پ ر) سی بی آر کوآپریٹو ہاوسنگ سوسائٹی کے سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ڈی ای او اٹک کی کارروائی، سکول پر 7 لاکھ کا جرمانہ

تعطیلات کے باوجود سکول کھلا اور طلبہ پرچے دے رہے تھے

جنڈ (بیورو رپورٹ) والدین کی شکایات پر نجی تعلیمی ادارے کے خلاف کارروائی، سات لاکھ روپے جرمانے کا نوٹس جاری والدین کی موصولہ شکایات پر ضلع اٹک کی تحصیل اٹک کے علاقے مرزا گاؤں میں قائم نجی تعلیمی ادارے دی فرسٹ مانٹیسوری اینڈ گرامر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مون سون سیزن، حکومت آگاہی مہم چلائے، خاقان وحید خواجہ

سیلاب کا پانی ہو اس کو سٹور کرنے کا بھی ایک طریقہ کار اپنایا جائے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مون سون کا موسم شروع ہونے والا ہے اس کے لیے حکومت پاکستان کو فوری طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ندیم خان پی ٹی سی ایل گروپ کے سی ای او مقرر

قیادت کی تبدیلی کا مقصد ادارے میں خدمات کا تسلسل برقرار رکھنا ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آج کمپنی کی قیادت میں اہم تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے، جب کمپنی نے یوفون 5G کے نام سے خدمات انجام دینے والے ادارے، پاک ٹیلی کام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اڈیالہ، فرار قیدیوں میں سے 7 گرفتار کر لیے گئے

ٹیم کی ملکی اور بین الاقوامی سطح پر فوری اور اعلیٰ کارکردگی کو سراہا گیا

اڈیالہ (نامہ نگار) ایس ایچ او (SHO) تھانہ صدر بیرونی زاہد ظہور اور انکی ٹیم نے راولپنڈی پولیس میں ریکارڈ قائم کر دیا۔ 10 فرار ملزمان میں سے 7 ملزمان گرفتار۔ باقی 3 بھی جلد گرفتار ہوں گے۔ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر فوری اور اعلیٰ کارکردگی کو سراہا گیا۔ SHO تھانہ صدر بیرونی انسپکٹر زاہد ظہور اور انکی ٹیم نے ماضی میں بھی مشکل پولیس ٹاسک کو احسن طریقے اور خوش اسلوبی سے سرانجام دیا ھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد پولیس کا سرچ آپریشن

مشکوک افراد و موٹر سائیکل تھانہ بند

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سنگین جرائم میں ملوث 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

صراط المستقیم فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تقریب کا انعقاد

ڈاکٹر سلیمان نے جو کوشش، کاوش کی وہ لائق تحسین ہے، راجہ محمد جواد

گوجر خان (بیورو رپورٹ) صراط المستقیم فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اپنا روزگار پروجیکٹ کے حوالہ سے ایک خوبصورت تقریب کا اہتمام سن رائز سکول سکھو روڈ میں کیا گیا جس کی میزبانی کے فرائض امجد بشیر اور ان کے فرزند ڈاکٹر سلیمان نے انجام دیے اس تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اچ نائن بازار آتشزدگی، کمیٹی کا فرانزک تحقیقات کرانے کا فیصلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد کے اچ نائن بازار میں آتشزدگی کے واقعے کی تحقیقاتی کمیٹی نے بڑا فیصلہ کر لیا۔ تحقیقاتی کمیٹی نے آگ لگنے کی وجہ معلوم کرنے کے لیے فرانزک تحقیقات کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ایف آئی اے نے انسانی اسمگلنگ کی منظم کوشش ناکام بنادی

لاہور (آئی این پی) ایف آئی اے امیگریشن نے لاہور ائیرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ کی ایک منظم کوشش ناکام بنادی اور قانونی طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کالعدم ایکشن کمیٹی کی لیک واٹس ایپ چیٹ سامنے آگئی

مظفر آباد (آئی این پی) کالعدم ایکشن کمیٹی کی طرف سے آزاد کشمیر میں شرانگیزی پھیلانے کا ایجنڈا ہر گزرتے دن کے ساتھ واضح ہو رہا ہے۔ کالعدم ایکشن کمیٹی کے کارندوں کے درمیان ہونے والی واٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فار ویمن فیصل آباد میں فن پاروں کی نمائش میں شرکاء خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں

آبادی میں متوازن انسانی ترقی کیلئے مشترکہ قومی کوششیں اور حسا نا گزیر ہے، مریم اورنگزیب

آبادی میں تیزی سے اضافے کا چیلنج پاکستان کی ترقی، معاشی استحکام، انسانی وسائل کی بہتری سے براہِ راست جڑا ہوا ہے

مؤثر انتظام، خاندانی منصوبہ بندی اور صحت عامہ کے حوالے سے قومی سطح پر مربوط حکمت عملی اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

لاہور (صباح نیوز) سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ آبادی میں تیزی سے اضافے کا چیلنج پاکستان کی پائیدار ترقی، معاشی استحکام اور انسانی وسائل کی بہتری سے براہِ راست جڑا ہوا ہے، اس لیے آبادی کے مؤثر انتظام، خاندانی منصوبہ بندی اور صحت عامہ کے حوالے سے قومی سطح پر مربوط حکمت عملی اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے نیشنل پاپولیشن کونسل کے قیام کا اعلان ایک انتہائی اہم قدم ہے اور اس وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے وفاقی و صوبائی حکومتوں سمیت تمام اسٹیک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اٹک ریل کار میں بند پنکھے مسافر شدید گرمی میں اذیت کا شکار

دومیل جنڈ (بیورو چیف) اٹک ریل کار میں بند پنکھے مسافر شدید گرمی میں اذیت کا شکار ریلوے حکام خاموش تماشائی تفصیلات کے مطابق ماڑی انڈس سے اٹک اور اٹک سے ماڑی انڈس کے درمیان چلنے والی اٹک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ایشین کلچرل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مجلس مسالمہ، سوز وسلام آج ہوگی

لاہور (پ ر) ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیر اہتمام مجلس مسالمہ، سوز وسلام آج 3، جولائی کو پلاک ہال 2 - پنجابی کمپلیکس قذافی سٹیڈیم فیروز پور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی پنجاب بینک کی ریٹنگ ٹرپل A

لاہور (آئی این پی) پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی (پی اے سی آر اے) نے بینک آف پنجاب کی طویل مدتی کریڈٹ ریٹنگ AA+ سے بڑھا کر AAA کر دی جبکہ قلیل مدتی ریٹنگ A1+ برقرار رکھی گئی ہے اور بینک کا آؤٹ لک مستحکم قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس کامیابی کے ساتھ بینک آف پنجاب پاکستان کا پہلا اور واحد صوبائی بینک بن گیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ایس پی ڈاکٹر ایاز کی شہریوں کے مسائل حل کیلئے کھلی کچہری

درخواستوں پر کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس عوام کی خدمت کے مشن پر گامزن۔ ایس پی سٹی ڈاکٹر ایاز حسین کا اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہری کا انعقاد۔ شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

واسا ناکام، یوسی 21 کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

جدید انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک کا تین کروڑ سے زائد کا منصوبہ ٹھپ

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی کے علاقے ڈھوک کالا خان، یونین کونسل 21 میں پانی کا شدید بحران شہریوں کے لیے سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ نہ صرف پینے کا صاف پانی نایاب ہو چکا ہے بلکہ گھریلو استعمال کے لیے بھی پانی دستیاب نہیں، جس کے باعث ہزاروں شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ واسا راولپنڈی کی جانب سے اس مسئلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

طاقت مسئلہ کا حل نہیں، آزاد کشمیر میں مذاکرات کا راستہ اپنایا جائے، خادم طاہر

عوام کا جینا مشکل ہو چکا ہے تمام فریق صبر و تحمل سے کام لیں، سربراہ المصطفی رائٹرز فورم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) المصطفی رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم طاہر نے کہا ہے کہ طاقت کسی بھی مسئلے کا حل نہیں حکومت اور ایکشن کمیٹی اپنی انا ہٹ دھرمی ترک کر کے لوگوں کی قیمتی جانیں بچانے کی فکر کریں فوری مذاکرات کا آغاز کیا جائے اگر مجرمانہ غفلت سے ایک بھی جان چلی گئی تو اس کی زمہ داری حکومت پر ہو گی آئی جی آزاد کشمیر عوام کو دھمکانے کے بجائے آزاد کشمیر سے واپس چلے جائیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر الیکشن میں کامیابی حاصل کر یگی، ظہیر سلطان

عوام کا اعتماد ایک بار پھر پیپلز پارٹی پر مضبوط ہو رہا ہے، صدر پی پی راولپنڈی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و سابق ضلع راولپنڈی کے صدر چوہدری ظہیر سلطان محمود نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں آزاد جموں و کشمیر کے آئندہ عام انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوری اقدار اور عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے یہی وجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لاڑکانہ، ایک دکاندار سڑک کنارے بنی عارضی دکان میں بچوں کے کھلونے فروخت کر رہا ہے

حیدر آباد، لوگوں کی بڑی تعداد دریائے سندھ کے کنارے المنظر پکنک پوائنٹ پر کشتی رانی کیلئے جمع ہے

مریم کو بتائیں موصول 18 جنرل کیٹیگری کی 19 درخواستوں پر مستحق افراد کا انتخاب

یہ فلیگ شپ پروگرام خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم اور قابلِ تحسین اقدام ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عبدالرحمن خان کی صدارت میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے اسسٹیو ڈیوائسز فلیگ شپ پروگرام کے تحت خصوصی اجلاس ڈی سی کمپلیکس میں منعقد ہوا، جس میں ضلع راولپنڈی میں معذور افراد کو معاون آلات کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

مختلف جرائم میں ملوث ملزمان اسلام آباد پولیس کی حراست میں

اسلام آباد، بی گرین پراجیکٹ کی پروقار لانچنگ تقریب کا انعقاد

تقریب میں رئیل اسٹیٹ انڈسٹری کی معروف شخصیات کی شرکت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پریسٹیج بلڈرز اینڈ مارکیٹنگ کے نئے اور جدید ترین پراجیکٹ، "بی گرین" (BEE GREEN) کی لانچنگ سرمنی اسلام آباد میں منعقد کی گئی، تقریب میں پریسٹیج بلڈرز اینڈ مارکیٹنگ کے مہمان خصوصی سیکرٹری ibech محمد ظہیر ملک، راجہ اسامہ سرور، سمیع ابراہیم، مدثر، راجہ نعیم، سماب عباسی، ساجد عباسی اور عاصم سیٹھی سمیت دیگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اے این ایف کی کارروائیاں 724.316 کلوگرام منشیات برآمد، 5 افراد گرفتار

راولپنڈی (صباح نیوز) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک بھر میں کارروائیاں کرتے ہوئے 724.316 کلوگرام منشیات برآمد کر لی اور 5 افراد کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

جیٹ فیول کی قیمتوں میں کمی، ڈومیسٹک جہازوں کے ٹکٹ سستے

سب سے زیادہ کرایہ کوئٹہ اور کراچی سے اسلام آباد پر بنتا ہے، ایوی ایشن ذرائع

اسلام آباد (آئی این پی) جیٹ فیول کی قیمتوں میں کمی کے بعد ملک بھر کے ڈومیسٹک روٹس پر جہازوں کے کرائے کم ہو گئے۔ اسلام آباد سے کوئٹہ کا یک طرفہ ٹکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

متوقع بارشیں جھیلیں گلیشیئر پھٹنے اور سیلاب کا خدشہ الرٹ جاری

آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے پہاڑی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی اور سیلابی صورتحال کی پیشگوئی

4 جولائی تک مون سون بارشوں کا زور رہے گا، عوام و اداروں کو ہنگامی اقدامات غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کی ہدایت

اسلام آباد (صباح نیوز) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے آئندہ ہفتے کے دوران ممکنہ موسمی خطرات کے پیش نظر الرٹ جاری کرتے ہوئے گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کے گلیشیئر سے ملحقہ علاقوں میں گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے (گلاف) کے باعث سیلاب کے خدشے سے آگاہ کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

(PIDG) کے اشتراک سے لندن کلائمیٹ ایکشن ویک میں عالمی رہنماؤں کا اجلاس

اسلام آباد، (نمائندہ شہر نامہ) انفرا ضامن پاکستان نے پرائیویٹ انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ گروپ (PIDG) کے اشتراک سے لندن کلائمیٹ ایکشن ویک 2026 کے موقع پر پی آئی ڈی جی کے لندن ہیڈ کوارٹرز میں "پاکستان کی پائیدار ترقی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

برٹش ہائی کمیشن لاہور آفس کے سربراہ بین وارنگٹن کی محکمہ سی اینڈ ڈبلیو آمد

لاہور (صباح نیوز) برٹش ہائی کمیشن لاہور آفس کے سربراہ بین وارنگٹن نے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کا دورہ کیا اور صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ سے ملاقات کی جس میں پیشہ وارانہ امور اور باہمی دلچسپی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

قبرستان پنڈوڑیاں نقشے میں آبادی کا راستہ غائب، اہلِ علاقہ سراپا احتجاج

چار دیواری تعمیر کر دی گئی تو گھروں کے ساتھ مرکزی سڑک بھی بند ہو جائے گی

آبادی کے لیے مناسب عوامی راستہ اور گرین بیلٹ مختص کی جائے، مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سی ڈی اے کی جانب سے پنڈوڑیاں میں مجوزہ 800 کنال ماڈل قبرستان کے منصوبے پر اہلِ علاقہ نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے احتجاج کیا ہے۔ ان کا مؤقف ہے کہ قبرستان کے موجودہ نقشے میں آبادی کے لیے کوئی متبادل راستہ شامل نہیں کیا گیا۔ اہلِ علاقہ کے مطابق اگر موضع کھنہ کاک اور موضع پنڈوڑیاں کی حد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

افغان طالبان رجیم کی جابرانہ پالیسیوں کیخلاف برازیل میں مظاہرہ

ساؤ پالو (آئی این پی) افغان طالبان رجیم کی جابرانہ پالیسیوں اور یورپی دورے کے خلاف برازیل میں بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ افغان طالبان رجیم کی جابرانہ پالیسیوں اور دورہ برسلز کے خلاف دنیا بھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

بھارتی طالبعلم کا مودی سے اختلاف رائے، نوجوان جیل پہنچ گیا

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی طالب علم عمر خالد کا مودی سے اختلاف رائے سامنے آنے کے بعد نوجوان کا مستقبل جیل کی نذر ہونے پر سنگین سوالات اٹھ گئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

جہاز پر مریم اورنگزیب کا جواب بدمعاشی کی مثال، جاوید انتظار

شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار شاہ کو بھی ڈبو دیتے ہیں، چیئرمین آزاد عوام تحریک

اسلام آباد (پ ر) پنجاب اسمبلی میں مریم اورنگزیب کا جہاز خریدنے ریاستی بدمعاشی کی مثال ہے۔ عوام کے پیسے کا ایسا جواب ناقابل فہم ہے۔ ایسا جواب اپنے باپ کے پیسوں سے جہاز خریدنے پر تو بنتا ہے۔ لیکن جو عوام کے سامنے خود کو جوابدہ نہیں سمجھتے ظالم ہیں۔ شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار شاہ کو بھی ڈبو دیتے ہیں۔ چیئرمین آزاد عوام تحریک جاوید انتظار نے کہا کہ ایسے جواب کرپٹ سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسرائیلی آبادکاروں کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا، مذہبی رسومات ادا کیں

مقبوضہ بیت المقدس (صباح نیوز) اسرائیلی آبادکاروں نے اسرائیلی پولیس کی سکیورٹی میں مقبوضہ مشرقی یروشلم کے قدیم شہر میں واقع مسجد اقصیٰ کے احاطے میں زبردستی داخل ہو کر مذہبی رسومات ادا کیں، جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اسرائیلی جارحیت، ایران معاملے پر خاموشی، بھارتی منافقانہ پالیسی عیاں

نئی دہلی (آئی این پی) اسرائیل کی بڑھتی جارحیت پر مسلسل خاموشی اور جنگ بندی کے بعد ایران کے معاملے پر مفاد پرستانہ رویے سے بھارتی منافقانہ خارجہ پالیسی عیاں ہو گئی ہے۔ یاد رہے کہ اسرائیل کے ایران پر حملے سے 2 روز قبل مودی نے اسرائیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

فنکارہ سونیا مجید نے ہاتھی گود لے لیا

اقدام فن، ہمدردی اور جنگلی حیات کے تحفظ کے درمیان خوبصورت تعلق قرار

دوبئی (نمائندہ شہر نامہ) بین الاقوامی سطح پر پہچانی جانے والی ایشیائی گلوکارہ اور فنکارہ سونیا مجید نے ایک منفرد اور قابلِ فخر سنگِ میل حاصل کیا ہے، جہاں وہ سری لنکا میں ایک ہاتھی کو گود لینے والی پہلی ایشیائی فنکارہ بن گئی ہیں۔ یہ اقدام فن، ہمدردی اور جنگلی حیات کے تحفظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر کی بصیرت افروز قیادت میں کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد

اعلیٰ تعلیم، ڈیجیٹل تبدیلی اور پائیدار مستقبل کی جانب ایک مضبوط پیش رفت

نقطہ نظر — سمیر ارانی

پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو درپیش چیلنجز اور بدلتی ہوئی عالمی ضروریات کے تناظر میں جامعات کا کردار پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکا ہے۔ جدید دنیا علم، تحقیق، جدت، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے گرد گھوم رہی ہے۔ ایسے میں وہ تعلیمی ادارے ہی ترقی کی دوڑ میں آگے بڑھ سکتے ہیں جو وقت کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے مؤثر قیادت، مضبوط پالیسی سازی اور جدید رجحانات کو اپنانے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ پاکستان کی ممتاز جامعات میں شمار ہونے والی کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد بھی انہی اداروں میں شامل ہے جو مسلسل ترقی، جدت اور معیار کی بلندی کی جانب گامزن ہیں۔

حالیہ عرصے میں کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد نے جس تیزی سے ادارہ جاتی اصلاحات، ڈیجیٹل تبدیلی اور تعلیمی ترقی کی جانب پیش رفت کی ہے، اس میں پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر کی بصیرت افروز قیادت نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ ان کی قیادت میں یونیورسٹی نے نہ صرف انتظامی اور تعلیمی میدان میں اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں بلکہ مستقبل کی ضروریات کے مطابق ایک جدید اور پائیدار تعلیمی ماڈل کی بنیاد بھی رکھی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر پاکستان کے ممتاز ماہرِ جینیات، محقق اور تعلیمی منتظم ہیں۔ انہوں نے اپنی علمی اور انتظامی صلاحیتوں کے ذریعے قومی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ بطور ریکٹر کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد انہوں نے جامعہ کی ترقی، شفافیت، احتساب اور معیارِ تعلیم کو بہتر بنانے کے لیے متعدد اقدامات متعارف کروائے ہیں۔ ان کی قیادت کا بنیادی مقصد ایک ایسی جامعہ کی تشکیل ہے جو صرف ڈگریاں فراہم نہ کرے بلکہ تحقیق، اختراع اور قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرے۔

ریکٹر کا منصب سنبھالنے کے بعد مختصر عرصے میں ہی کئی اہم اصلاحات متعارف کروائی گئیں جنہوں نے ادارے کی کارکردگی میں نمایاں بہتری پیدا کی۔ سب سے پہلے یونیورسٹی کے تمام سات کیمپسز کے لیے مستقل ڈائریکٹرز کی تقرری عمل میں لائی گئی۔ یہ اقدام ادارہ جاتی استحکام، مؤثر انتظامی نگرانی اور بہتر فیصلہ سازی کے لیے نہایت اہم سمجھا جاتا ہے۔ مستقل قیادت کے باعث مختلف کیمپسز میں پالیسیوں کے نفاذ اور تعلیمی سرگرمیوں میں یکسانیت پیدا ہوئی ہے۔

اسی طرح رجسٹرار اور کنٹرولر امتحانات جیسے اہم انتظامی عہدوں پر مستقل تقرریاں بھی کی گئیں۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں انتظامی تسلسل اور شفافیت کو برقرار رکھنے کے لیے یہ عہدے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ مستقل تقرریوں کے نتیجے میں نہ صرف انتظامی معاملات میں بہتری آئی بلکہ طلبہ اور فیکلٹی کو بھی بہتر سہولیات اور خدمات فراہم کرنے میں مدد ملی۔

کامسیٹس یونیورسٹی کی حالیہ تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل وہ تاریخی سلیکشن بورڈ بھی ہے جس کے ذریعے برسوں سے زیر التوا ترقیوں کے معاملات کو حل کیا گیا۔ تقریباً 706 ملازمین کی ترقیوں کے کیسز نمٹائے گئے جو طویل عرصے سے زیر التوا تھے۔ اس اقدام نے ملازمین کے اعتماد میں اضافہ کیا اور ادارے میں میرٹ، شفافیت اور پیشہ ورانہ ترقی کے کلچر کو فروغ دیا۔ مزید قابل ذکر بات یہ ہے کہ سلیکشن بورڈ کے عمل کو مکمل طور پر ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے انجام دیا گیا جس سے شفافیت اور کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی۔

عصرِ حاضر میں ڈیجیٹلائزیشن کسی بھی ادارے کی ترقی کے لیے ناگزیر سمجھی جاتی ہے۔ کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد نے بھی اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف انتظامی اور تعلیمی نظاموں کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر منتقل کرنے کا عمل تیز کیا ہے۔ اس سے نہ صرف وقت اور وسائل کی بچت ہوئی بلکہ طلبہ، اساتذہ اور انتظامیہ کے درمیان رابطوں اور خدمات کی فراہمی میں بھی بہتری آئی ہے۔

ڈاکٹر راحیل قمر کی قیادت میں یونیورسٹی نے مستقبل کی ضروریات کے مطابق ایک جدید تعلیمی وژن بھی متعارف کروایا ہے جسے "Sustainable University of the Future" کا نام دیا گیا ہے۔ اس وژن کے تحت C6 Framework متعارف کروایا جا رہا ہے جس میں Creativity، Coding، Co-intellect، Cloud Computing اور Communication جیسی جدید مہارتوں کو نصاب کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔ اس اقدام کا مقصد طلبہ کو صرف روایتی تعلیم تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں صنعتی انقلاب اور ڈیجیٹل معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ہے۔

دنیا بھر میں مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

SHEHAR NAMA Islamabad — شہر نامہ اسلام آباد

شکایات سیل

- آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
- آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- آپ کا حق تلف کیا گیا
- آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
- آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شاہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل اِنک دیرپا پرنٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس: عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی — سب آفس: ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083